اشاریۂ معارف

(جولائی ۱۹۱۶ - دسمبر ۲۰۱۱ء)

جلد اول باعتبار مضامین

ترتیب

جمشید احمد ندوی

زیرنگرانی

پروفیسر ظفرالاسلام اصلاحی

دارالمصنفین شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ

پیش لفظ

اردو کے تاریخ ساز علمی و تحقیقی مجلہ معارف اعظم گڑھ کی سو سالہ فائل کو تصویر میں محفوظ کرکے اسے عمر دوامی عطا کرنے اور اس کی افادیت ہر خاص وعام کرنے کا جو عظیم پروجکٹ سابق ناظم دار المصنفین اعظم گڑھ مولانا ضیاء الدین اصلاحی رحمۃ اللہ کے دور میں شروع ہوا تھا، اس کی تکمیل آپ کے باحوصلہ وباہمت جانشین ڈاکٹر اشتیاق احمد ظلی صاحب کے دور میں مکمل ہوا، ساتھ ہی ساتھ اس کی افادیت کو کئی گنا بڑھانے اور ایک صدی پر مشتمل معارف کے گہر ریزوں اور مضامین تک چند لمحات میں رسائی کے لئے اس کی کلید، اشاریہ معارف۔ جلد اول (جولائی 1916 - ڈسمبر 2011) پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی صاحب کی نگرانی میں اور مولانا جمشید احمد ندوی صاحب کی ترتیب کے ساتھ منظر عام پر آیا۔ یہ اردو دنیا میں ایک بہت بڑا کارنامہ ہے، اس کی پہلے مثال نہیں ملتی۔

معارف کی اسکین کی ہوئی فائل جب ہم تک پہنچی تو ہم نے اس سے استفادے کی سہولت کے لئے پہلے پہل ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر صاحبہ کی نگرانی میں محمد سہیل شفیق صاحب کا تیار کردہ اشاریہ حاصل کرکے اسے اسکین کرکے اکروبیٹ فورمیٹ میں الکٹرونک کتاب کی شکل دی، اب جب کہ ڈاکٹر اشتیاق صاحب نے ہمیں دار المصنفین کے زیر اہتمام شائع شدہ اشاریہ کو بھی اسی طرح ترتیب دینے کی ہدایت کی تو اسے ٹالنا مشکل تھا۔ الحمد للہ مناسب سہولتیں اور فرصت کے لمحات کی کمی کے باوجود پی ڈی یف فورمیٹ میں ذیلی عناوین کے ساتھ تیار شدہ یہ اشاریہ حاضر ہے۔

جن احباب کے پاس معارف کی مکمل فائل موجود ہے ان سے گذارش ہے کہ یہ پوری فائل کمپیوٹر یا ہارڈ ڈسک کے مخصوص فولڈر میں محفوظ کریں اور اپنے کمپیوٹر پر AVA FIND یا Everything جیسا کوئی سرچنگ سوفٹ ویر انسٹال کریں۔ جب بھی کوئی مضمون تلاش کرنا ہو ہمارا تیار کردہ اشاریہ کھول کر مطلوبہ مضمون کا جائے وقوع تلاش کریں۔ پھر سرچنگ سوفٹ ویر میں جاکر ماہ وسال تلاش کریں۔ چند سکنڈوں میں شمارہ اور صفحہ آپ کے سامنے ہوگا۔ اس کا ایک نمونہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں۔

ہمارے پاس عربی اردو انگریزی الکٹرونک اور پی ڈی یف کتابوں اور مجلات کا وسیع ذخیرہ محفوظ ہے۔ یہ ہم نے باذوق اہل علم کے لئے جمع کیا ہے۔ اس سلسلے میں کوئی بھی تعاون درکار ہو تو ہم سے رابطہ قائم کریں۔

اشاریہ معارف سے استفادہ کا آسان طریقہ

مثال: مولانا حمید الدین فراہی پر آپ کو معارف پر شائع شدہ مضامین کی تلاش ہے۔

۱۔ اشاریہ کھولیں۔ بائیں طرف بک مارک Book Marks ہے۔

۲۔ بک مارک کے نیچے حروف تہجی میں جاکر حرف (ح) سے نیچے اسکرول کرکے کلک کریں۔ آپ مطلوبہ مقام تک پہنچ جائیں گے۔

عنوان	مقالہ نگار	جلد/شمارہ	تاریخ	صفحات
حمد	وارث ریاضی	۶/۱۸۴	دسمبر ۲۰۰۹	۴۷۵
حمد باری	ابوالبیان حماد	۲/۱۶۳	فروری ۱۹۹۹	۱۵۵
حمد باری تعالی	مقصود احمد مقصود	۴/۱۶۰	اکتوبر ۱۹۹۷	۳۱۶-۳۱۵
حمد سے منقبت تک [منظوم]	جگن ناتھ آزاد	۲/۱۴۵	فروری ۱۹۹۰	۱۵۵-۱۵۴
حمدون = موجودہ فرمانروایان عرب				
حمزہ اصفہانی [سنی ملوک الارض از حمزہ اصفہانی]	جی کے نریمان پارسی/مرزا احسان احمد	۵/۱	نومبر ۱۹۱۶	۵۵-۴۷
"	"	۶/۱	دسمبر ۱۹۱۶	۵۸-۵۴
"	"	۷/۱	جنوری ۱۹۱۷	۵۴-۵۰
" (ایرانی لٹریچر پر عربوں کے احسانات)	"	۸/۱	فروری ۱۹۱۸	۵۲-۴۲
حمل امانت [منظوم]	سید احمد حسین امجد حیدرآبادی	۵/۳۳	مئی ۱۹۳۴	۳۹۴-۳۹۳
(زائرحرم) حمید صدیقی [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۳/۹۵	مارچ ۱۹۶۵	۲/۱۶۴
(قاضی) حمید الدین بلخی اور ان کا صحیح نام	رضیہ خاتون	۴/۱۲۵	اپریل ۱۹۸۰	۳۱۴-۳۱۰
(پروفیسر خواجہ) حمید الدین شاہد	ض	۱/۱۶۹	جنوری ۲۰۰۲	۷۱-۷۰
(مولانا) حمید الدین [فراہی]	سید سلیمان ندوی	۱/۲۷	جنوری ۱۹۳۱	۱۷-۷
"	"	۲/۲۷	فروری ۱۹۳۱	۹۴-۸۵

۳۔اب آپ رائٹ میں نیچے اسٹار بار پر جا کر Ava Find پر کلک کریں۔

۴۔ Ava Find میں جا کر Find کے خانے میں مطلوبہ شمارے کے ماہ وسال اس طرح January 1931 ٹائپ کریں۔ آپ کے سامنے جس جگہ یہ شمارہ محفوظ ہے آجائے گا۔چونکہ ہماری اکسٹرنل ہارڈ ڈسک میں اس کے دو نسخے محفوظ ہیں لہذا اس نے دو نسخوں کی نشاندہی کی۔

۵۔اب اس مطلوبہ فولڈر کو کلک کریں۔فائل اس طرح کھل جائے گی۔

٦۔چونکہ فائل کے نمبرات مطبوعہ کے مطابق نہیں ہیں لہذا آپ فولڈر کے پہلے صفحہ پر کلک کریں۔اس طرح شمارہ سامنے آجائے گا۔

۷۔نیچے اگلے صفحہ پر جانے کے لئے تیر کا نشان ہے۔اس پر کلک کرتے جائیں۔شمارہ کھلتا جائے گا۔فہرست دیکھیں

مقالات میں صفحہ نمبر ۶ پر مولانا حمید الدین کا نام نظر آئے گا۔ جس سے اطمئنان ہو گا کہ تلاش کی محنت کارگر ہوئی۔

پھر اسی تیر پر کلک کرتے جائیں یہاں تک کہ مطلوبہ مضمون تک پہنچیں۔

مطلوبہ مواد ملنے پر اس عاجز کے لئے دعا کیجئے۔ شکریہ

عبد المتین منیری

Abdul Mateen Muniri

Darul Maarif

1088. Aminuddin Road , Munir Abad

Bhatkal(N.K) 581320 – INDIA

Email : ammuniri@gmail.com

Skype : ammuniri

سلسلۂ دارالمصنفین نمبر ۱۹۹

نام کتاب	:	اشاریۂ معارف
مرتب	:	جمشید احمد ندوی
ضخامت	:	۷۲۳ صفحات
سن طباعت	:	۲۰۱۲ء
مطبع	:	معارف پریس، شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ (ہند)
ناشر	:	دارالمصنفین شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ (ہند)
قیمت	:	آٹھ سو پچاس روپے Rs. 850/-

ISBN: 978-93-80104-90-4

DARUL MUSANNEFIN SHIBLI ACADEMY

P.O. BOX. NO: 19

SHIBLI ROAD, AZAMGARH - 276001 (U.P)

E-mail: shibli_academy@rediffmail.com

Website: www.shibliacademy.org

(باہتمام)

عبدالمنان ہلالی

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

معارف کے ایک جامع اور مکمل اشاریہ کی ضرورت بہت پہلے سے محسوس کی جارہی تھی اور اہل علم کی طرف سے اس کے لیے تقاضا بھی ہوتا رہتا تھا۔لیکن تقریباً ایک صدی پر محیط علم وادب کے اس دائرۃ المعارف کے ایک جامع اشاریہ کی تیاری ایک بڑا چیلنج تھی۔اس سلسلہ میں بعض قابلِ قدر کوششیں بھی ہوئیں لیکن اس اہم علمی ضرورت کی تکمیل کے لیے جس طرح کے جامع اشاریہ کی ضرورت تھی وہ ہنوز تشنۂ تکمیل تھی،بالآخراس کے لیے قرعہ فال ڈاکٹر جمشید احمد ندوی صاحب کے نام نکلا اور واقعہ یہ ہے کہ اس مشکل کام کے صبر آزما تقاضوں سے جس طرح وہ عہدہ برا ہوئے وہ انہی کا حصہ ہے۔اس سلسلہ میں ان کو جن مشکلات اور مسائل کا سامنا کرنا پڑا اس کا کسی قدر اندازہ ان کی ''تقدیم'' سے لگایا جاسکتا ہے۔مختلف اسباب کی وجہ سے،جن میں سے کئی انسانی ارادہ واختیار سے باہر تھے،اس منصوبہ کی تکمیل میں تاخیر ہوتی گئی۔شکر کا مقام ہے کہ علوم ومعارف کے اس بیش بہا خزینہ سے استفادہ کی راہ ہموار کرنے کے مقصد سے جس منصوبہ کا آغاز ۱۹۹۵ء میں ہوا تھا وہ پایۂ تکمیل کو پہنچا اور اسی انداز اور معیار پر مکمل ہوا جس کی توقع کی جارہی تھی۔اس اہم علمی منصوبہ کی تکمیل پر ہم فاضل مرتب کے شکر گذار بھی ہیں اور ان کو مبارکباد بھی پیش کرتے ہیں۔

مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب،جن کی دلچسپی اور کوشش سے یہ کام شروع ہوا تھا،وہ اب ہمارے درمیان موجود نہیں ہیں۔ان کو اس منصوبہ سے جو تعلق خاطر تھا اور اس کی تکمیل پر ان کو جو خوشی ہوتی اس کا اندازہ اس مقدمہ سے لگایا جاسکتا ہے جو انھوں نے ۲۰۰۴ء میں اس کی متوقع اشاعت کے وقت لکھا تھا۔یہ منصوبہ دارالمصنفین کے فاضل رکن اور معروف محقق پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی صاحب کی نگرانی میں انجام پایا۔انھوں نے جس توجہ اور دلچسپی سے اس منصوبہ کی نگرانی کا فریضہ انجام دیا اس کے لیے ہم ان کے شکر گذار ہیں۔

اس اشاریہ کو مضامین،مضمون نگار اور موضوعات کے عناوین کے تحت تقسیم کیا گیا ہے اور ہر عنوان کے لیے ایک جلد مختص کی گئی ہے۔اس طرح یہ اشاریہ تین جلدوں پر مشتمل ہوگا۔جلد اول مضامین کے لیے مخصوص ہے اور ۲۰۱۱ء تک ۹۵ سال کا احاطہ کرتی ہے،بقیہ دو جلدیں بھی انشاء اللہ جلد شائع ہوں گی۔اس اشاریہ کو اہل علم کی خدمت میں پیش کرتے ہوئے ہم بے پناہ مسرت محسوس کرتے ہیں۔

پروفیسر اشتیاق احمد ظلی
ڈائرکٹر دارالمصنفین،اعظم گڑھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

الحمد للہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی رسولہ الکریم محمد الامین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔

اردو میں اشاریہ نگاری ایک مستقل فن ہوگیا ہے، اس سے علمی و تحقیقی کام کرنے والوں اور مصنفین کو بڑا فایدہ اور آسانی ہوتی ہے، چنانچہ متعدد اکابر اہل قلم اور مصنفین کے مقالات وتصانیف کے اشاریے مرتب کر کے شائع کیے جاتے رہے ہیں، مولانا شبلیؒ کے تعلق سے متعدد اشاریے مرتب کیے گیے ہیں جن میں سے بعض کتابی صورت میں بھی آچکے ہیں، اُن پر متعدد رسالوں کے خاص نمبر بھی شائع ہوئے ہیں، ان میں بھی اس کی جانب توجہ کی گئی ہے اور ان کے اپنے مضامین و کتب کے علاوہ ان پر دوسرے اہل قلم کے مضامین اور کتابوں کا اشاریہ بھی ان نمبروں میں شامل ہے۔ مولانا سید سلیمان ندوی کی تحریروں کا اشاریہ بہار اردو اکادمی نے شائع کیا ہے، اسے جناب عبدالقوی دسنوی نے ترتیب دیا ہے، ان ہی کے قلم سے ''انیس نما'' کے نام سے میر ببر علی انیس کا اشاریہ بھی شایع ہوا ہے، مرزا غالب صدی تقریبات کے موقع پر اردو کے کئی رسالوں نے غالب نمبر نکالے، ان میں سے بعض نے غالب کے اشاریے بھی شایع کیے، اسی طرح سرسید، اقبال اور مولانا ابوالکلام وغیرہ کے مضامین وتصانیف اور ان پر لکھے جانے والے دوسروں کے مضامین اور کتابوں کے اشاریے چھپ گئے ہیں۔

لیکن ابھی تک اردو رسالوں کے مضامین کی اشاریہ سازی کا کام بہت کم ہوا ہے، 'معارف' اسلامی اور مشرقی علوم وفنون کا مخزن اور اردو کا سب سے قدیم بلند پایہ علمی و تحقیقی رسالہ ہے، یہ جولائی ۱۹۱٦ء سے مسلسل اور بلا ناغہ چھپ رہا ہے اور اس میں ملک کے معتبر اور مایہ ناز اہل قلم کے بیش قیمت مضامین نکلتے ہیں، اس کے اشاریے کا تقاضا بہت عرصے سے کیا جارہا تھا، ۱۹٦٦ء-۱۹٦۷ء میں خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری کے سابق ڈائرکٹر ڈاکٹر عابد رضا بیدار نے ماہنامہ برہان دہلی کے کئی شماروں میں ''علوم اسلامیہ کی انسائیکلو پیڈیا'' کے عنوان سے جو مضمون شائع کیا تھا وہ معارف اور برہان کے اشاریوں پر مشتمل تھا جو بعد میں کتابی صورت میں بھی طبع ہوا، اس کے علاوہ الندوہ اور معارف کے اشاریے خود معارف میں بھی چھپے تھے مگر یہ سلسلہ درمیان ہی میں منقطع ہوگیا۔

معارف کے یہ اشاریے ۱۹۷۰ء سے پہلے کے تھے جو اب پرانے ہونے کے علاوہ بعض حیثیتوں سے ناقص اور ادھورے بھی تھے اس

لیے ایک نئے اور ''اپ ٹوڈیٹ'' اشاریے کی شدید ضرورت محسوس کی جارہی تھی اور اس کے لیے اصحاب علم اور معارف کے قدرداں برابر تقاضا اور اصرار کررہے تھے، لیکن یہ کام آسان نہیں تھا، اس کے لیے محنت اور مطالعہ، اسلامی ومشرقی علوم سے واقفیت جس قدر ضروری تھی، اس سے زیادہ اشاریہ نگاری کے فن کا سلیقہ اور اس کے جدید طریقوں سے باخبری ضروری تھی۔

میں جب علی گڑھ جاتا تو مختلف اصحاب علم و ذوق معارف کے مکمل اشاریے کی ضرورت واہمیت کی جانب توجہ دلاتے اور اس کے گوناگوں فایدے بیان کرتے جو مجھ پر بھی اچھی طرح عیاں تھے لیکن میرے سامنے اس کام کی مشکلات اور دشواریاں، رکاوٹ بنی ہوئی تھیں، اتفاق سے اسی زمانے میں ڈاکٹر جمشید احمد ندوی سے میری ملاقات ہوئی جو اس وقت موسیٰ بن عقبہ کی مغازی پر ایم فل کا مقالہ لکھ رہے تھے، اس کی وجہ سے وہ کئی بار دارالمصنفین آئے، اور میرے علی گڑھ جانے پر میرے ہر کام میں پیش پیش رہتے، مجھے حوالوں اور کتابوں کی تلاش ہوتی تو وہ فوراً انہیں مہیا کردیتے، اس سے مجھے ان کی صلاحیت، تلاش ومحنت اور مطالعہ وتحقیق کے ذوق کا اندازہ ہوتا گیا اور جلد ہی ان کو ڈاکٹریٹ کی ڈگری بھی مل گئی۔ اس کے بعد وہ اپنے آئندہ کے علمی کاموں میں مجھ سے مشورے کرنے لگے۔

اسی ضمن میں ڈاکٹر ظفرالاسلام اصلاحی کی تجویز کے مطابق ان سے معارف کے اشاریے کا ذکر آیا تو وہ کسی پس وپیش کے بغیر بلا شرط محض اپنے شوق وذوق اور خدمتِ علم کے جذبے سے آمادہ ہوگئے۔ اس سے مجھے بڑے خوشی ہوئی کیونکہ میں ڈاکٹر جمشید کو اس کام کے لیے بہت مناسب خیال کرتا تھا وہ علم وتحقیق کے جویا، تلاش وجستجو اور محنت ومطالعہ کے عادی تھے، ان کی تعلیم دارالعلوم ندوۃ العلماء میں ہوئی تھی اور علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے فیض یاب ہونے کی وجہ سے ان کو جدید علوم اور تحقیق وتصنیف کے نئے طریقہ وانداز سے واقفیت بھی ہوگئی تھی، الحمدللہ کئی برس کی سعی وکوشش اور محنت شاقہ کے بعد معارف کے اشاریے کا کام مکمل ہوگیا جس کے لیے، ڈاکٹر جمشید احمد ندوی تبریک وتحسین اور اہل علم کے شکریہ کے مستحق ہیں۔ ہم ڈاکٹر ظفرالاسلام اصلاحی ریڈر شعبہ اسلامیات مسلم یونیورسٹی کے بھی شکرگزار ہیں کہ انھوں نے اشاریہ نگار کی رہنمائی اور اشاریے کی ترتیب وتکمیل سے پوری دلچسپی لی، اللہ تعالیٰ دونوں کو جزائے خیر دے، دارالمصنفین کے ارکان نے اس پروجیکٹ اور اس کی طباعت واشاعت کے اخراجات کی منظوری دے کر بھی مجھے ممنون کیا۔

یہ اشاریہ ۱۹۱۶ء سے شروع ہوکر دسمبر ۲۰۰۰ء (۱) پر تمام ہوا ہے، علمی وتحقیقی کام کرنے والوں کی سہولت وآسانی کے لیے اسے تین عنوانوں کے تحت حروف تہجی کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے:

۱۔ مضمون ۲۔ مضمون نگار ۳۔ موضوع

اس لحاظ سے یہ ایک مکمل، جامع اور نہایت مفید اشاریہ ہے، جس کی خوبیوں کا اندازہ اسے ملاحظہ کرنے کے بعد ہی ہوسکتا ہے، یہ

---

(۱) یہ مقدمہ مولانا مرحوم نے اس وقت لکھا تھا جب ۲۰۰۴ء میں یہ اشاریہ پریس جارہا تھا لیکن مختلف وجوہات کی بنا پر اس کی اشاعت عمل میں نہ آسکی تھی۔ موجودہ اشاریہ دسمبر ۲۰۱۱ء تک کے شماروں پر محیط ہے۔

اشاریہ اور پہلے قدردانوں کے ہاتھوں میں پہنچ گیا ہوتا مگر کئی بار کمپیوٹر اور کمپوزر نے اپنے کرشمے دکھائے اور خود جناب مرتب اسی درمیان میں بعض قدرتی اور ناگہانی آفات کا شکار ہوئے، یہ ان کے عزم وحوصلے کی بات ہے کہ ان پریشانیوں سے وہ بد دل نہیں ہوئے اور اپنا کام کر کے ہی دم لیا۔

ہم اس طویل اور ضخیم اشاریے کو دارالمصنفین اور معارف کے قدردانوں اور علم وتحقیق کے شیدائیوں کی خدمت میں پیش کر کے بڑی خوشی محسوس کر رہے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے اس محنت اور کدوکاوش کو شرف قبولیت بخشنے اور لایق وہونہار اشاریہ نگار کی آیندہ علمی وعملی ترقی کے لیے دعا کرتے ہیں، وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

ناچیز ضیاء الدین اصلاحی

۲۸؍شوال المکرم ۱۴۲۴ھ/ ۲۳؍دسمبر ۲۰۰۳ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ابتدائی کلمات

جدید دور میں مخصوص موضوعات پر کتابیات اور کتب ورسائل کے اشاریے مطالعہ وتحقیق کے اہم ذرائع بن گئے ہیں ان کی وجہ سے کسی خاص موضوع پر مواد کی تلاش وفراہمی میں کافی آسانی ہوجاتی ہے درحقیقت یہ فن بھی مسلمانوں کا ایجاد کردہ ہے اور عہد وسطیٰ کی یادگار ہے یہ اور بات ہے کہ علم کے تحفظ وترسیل کے نئے ذرائع نے کتابیات کی ترتیب وتالیف اور اشاریہ سازی کے فن کو کافی ترقی دے دیا ہے۔ اس حقیقت سے بھی صرف نظر نہیں کیا جاسکتا کہ رسائل ومجلات کے اشاریوں سے نہ صرف مطالعہ وتحقیق کی راہیں ہموار ہوتی ہیں بلکہ رسائل کا علمی خزانہ منصۂ شہود پر آجاتا ہے اور اس سے ان کی قدر وقیمت اور واضح ہوجاتی ہے۔ مزید براں مدیران گرامی و منتظمین کو رسائل میں شائع شدہ مواد کی نسبت سے احتساب کا موقع بھی مل جاتا ہے۔ موجودہ حالات میں جبکہ پڑھنے اور ورق گردانی کا رجحان کم سے کم ہوتا جارہا ہے اور محققین و اسکالرس کم سے کم وقت میں اپنا تحقیقی کام مکمل کرنے کی فکر وکوشش میں لگے رہتے ہیں اشاریہ جات کی افادیت اور زیادہ بڑھ گئی ہے۔ بلاشبہ ان رسائل کے اشاریوں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے جو معیاری وتحقیقی مضامین پر مشتمل ہوتے ہیں اور جنہیں بلا تکلف ماخذ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے یا کیا جاسکتا ہے، ''معارف'' یقینی طور پر اسی زمرہ میں شامل ہے۔

مولانا سید سلیمان ندویؒ نے ''معارف'' کے اولین شمارہ (جولائی ۱۹۱۶ء) کے شذرات میں یہ رقم فرمایا تھا:-

> ''رسالہ کا پہلا نمبر ہم رمضان المبارک کے مقدس مہینے سے شروع کرتے ہیں کہ ہمارے علوم ومعارف کی سب سے پہلی کتاب اسی ماہ مقدس میں نازل ہوئی تھی۔ شھر رمضان الذی انزل فیه القرآن''۔

''معارف'' کے پیش نظر اشاریہ کی داغ بیل بھی اصلاً اسی کتاب مبارک کے تعلق سے پڑی، قرآنی علوم کی نشر واشاعت کے لیے مدرسۃ الاصلاح (سرائے میر، اعظم گڑھ) کے فارغین نے علی گڑھ میں ۱۹۸۴ء میں ادارہ علوم القرآن قایم کیا۔ اسی کے ساتھ اسلامی علوم بالخصوص قرآنیات پر کتابوں کی فراہمی کے لیے ایک لائبریری کا قیام عمل میں آیا۔ اس کے تقریباً ایک برس بعد ادارہ کی لائبریری میں ''ترجمان القرآن'' (لاہور) کا اشاریہ نظر سے گزرا تو اسی وقت یہ خیال ذہن میں آیا کہ ''معارف'' کا بھی اشاریہ مرتب ہونا چاہئے۔ سچ یہ ہے کہ معارف کے قدر دانوں اور دارالمصنفین کے بہی خواہوں کی جانب سے اشاریہ کے لیے مطالبہ ہوتا رہتا تھا۔ ادارہ کے سربراہ اور میرے بزرگ کرم فرما مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب اس کام کی ضرورت واہمیت بہت پہلے سے محسوس کررہے تھے اور وہ اس فکر وکوشش میں تھے کہ یہ کام کسی طرح انجام پاجائے۔ وقت کے گزرنے کے ساتھ اس ضرورت کا احساس شدید ہوتا گیا اور اشاریہ کی طلب بڑھتی گئی اور کیوں نہ ایسا

ہوتا جب کہ حقیقت یہ ہے کہ ہندوپاک کے اردو رسائل کی تاریخ میں ''معارف'' ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور بلا مبالغہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسے بین الاقوامی شہرت حاصل ہے۔ اجراء کے بعد سے اب تک معارف کا باقاعدگی سے وقت پر شائع ہونا اس کا ایک امتیازی وصف ہے جس میں دور دور تک اردو رسائل میں اس کا کوئی ہم سر نہیں نظر آتا۔ اس کی پسندیدگی اور مقبولیت کی دوسری بڑی وجہ اس کا علمی معیار و تحقیقی انداز ہے۔ سچ یہ ہے کہ اس رسالہ نے اس باب میں ایک خاص نہج قایم کیا جو دیگر رسائل کے لیے نمونہ بن گیا۔ یہی وجہ ہے کہ معارف کے مضامین یا ان کے اقتباسات بطور سند نقل کیے جاتے ہیں اور اس میں مضامین کی اشاعت علمی اعزاز تصور کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی بخوبی معروف ہے کہ معارف کے مشتملات کا دائرہ بہت وسیع ہے، تفسیر وقرآنی علوم، حدیث وفقہ، سیرت واسلامی تاریخ، علم کلام وفلسفہ، تصوف، شعر و ادب، عصری علوم وفنون لطیفہ، سماجیات، معاشیات وسیاسیات اور شخصیات میں سے کوئی ایسا موضوع نہیں ہے جس سے متعلق مضامین اور دوسرے مندرجات معارف میں شریکِ اشاعت نہ ہوتے ہوں۔ مزید براں اس کے ''شذرات'' (اداریوں) میں اہم ملی وملکی مسائل پر بے لاگ اظہار خیال، ''وفیات'' کے تحت مذہبی وعلمی، ادبی وسیاسی شخصیات پر مفصل تعزیتی تحریریں، ''باب التقریظ والانتقاد'' میں اہم کتب کا تفصیلی تعارف یا تجزیاتی مطالعہ: ''تعارف وتبصرہ'' کے کالم میں مختلف موضوعات پر مختلف زبانوں کی مطبوعات جدیدہ پر تبصرے اور ''اخبار علمیہ'' کے تحت علم وفن اور تہذیب وثقافت کی ترقی سے متعلق دنیا میں رونما ہونے والے اہم واقعات یا جاری ہونے والی سرگرمیوں کے بارے میں خبریں بھی اس کے مشتملات کے اہم ومفید حصے ہیں۔ ان سب کے علاوہ اس مجلّہ کا ایک نمایاں پہلو اسلام واسلامی نظام زندگی کی مدلل ترجمانی اور اسلامی علوم وفنون کے امتیازات وکمالات کی محققانہ تشریح وتوضیح ہے۔ اسلام، اسلامی شریعت اور اسلامی علوم پر نقد واعتراض اہل مغرب بالخصوص مستشرقین کا قدیم شیوہ رہا ہے ''معارف'' میں ابتدا ہی سے مقالات، اداریوں اور تبصروں کی صورت میں ان کی تحریروں کا باقاعدہ جائزہ لے کر ان کی تردید کی جاتی رہی ہے اور نہایت مدلل انداز میں ان کے اعتراضات کو رفع کیا جاتا رہا ہے۔ یہ یقینی طور پر بڑی قابل قدر علمی ودینی خدمت ہے بحمد اللہ یہ روایت بدستور قایم ہے۔ درحقیقت ان ہی خصوصیات کی بدولت ''معارف'' اردو رسائل ومجلّات میں ایک امتیازی شان رکھتا ہے اور مختلف ذوق کے قارئین کے لیے باعث کشش ثابت ہوتا ہے اور اہم بات یہ کہ اس کے قارئین کا حلقہ ایشیا کے علاوہ یورپی وافریقی ممالک تک پھیلا ہوا ہے۔ یہی احساسات اصلاً اشاریہ معارف کی تیاری کا پیش خیمہ ثابت ہوئے۔ یہ کام میں خود ہی کرنا چاہتا تھا لیکن بعض مصروفیات کی وجہ سے ذاتی طور پر اس کی انجام دہی میں کچھ تاخیر کا اندیشہ تھا تو یہ فیصلہ کیا کہ اسے کسی اور کے سپرد کیا جائے تاکہ یہ کام جلد مکمل ہو جائے۔ حسن اتفاق کہ اس کے لیے مدیر گرامی و ناظم دارالمصنفین مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب اور میری دونوں کی نظر انتخاب ڈاکٹر جمشید احمد ندوی پر پڑی جو اچھی صلاحیت کے ساتھ سنجیدگی وعلمی انہماک کے لیے بھی معروف ہیں، انہوں نے حسب توقع اس کام کے لیے رضامندی ظاہر کی، اگلے مرحلہ میں مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب کے سامنے یہ تجویز رکھی کہ بہتر ہوگا کہ دارالمصنفین پراجکٹ کے طور پر اشاریہ کی ترتیب وتکمیل منظور کرے اور اپنے زیر اہتمام اس کی اشاعت کا نظم کرے۔ خوشی کی بات کہ مولانا نے اس تجویز سے اتفاق ظاہر کیا اور باقاعدہ مجلس انتظامیہ سے اس پراجکٹ کی منظوری حاصل کر لی۔ مزید براں اس کی نگرانی میرے سپرد کی گئی جسے میں نے دارالمصنفین کی ایک خدمت سمجھ کر قبول کیا۔ اس پس منظر میں ''معارف'' کے اشاریہ کی ترتیب کا آغاز ہوا بلا شبہ اس کی تکمیل میں توقع سے زیادہ کافی طویل

عرصہ لگ گیا اور وہی ہوا جس کا اندیشہ تھا۔ اس کے متعدد وجوہ ہیں لیکن اب جب کہ یہ انتظار کے لمحات ختم ہو رہے ہیں اور یہ اشاریہ شایع ہو رہا ہے ان کی تفصیل میں جانا بے سود ہوگا۔

یہاں یہ وضاحت ضروری معلوم ہوتی ہے کہ اس سے قبل معارف کے متعدد اشاریے مرتب ہوئے ہیں لیکن وہ جزوی یا نامکمل ہیں یعنی یا تو وہ زمانی اعتبار سے محدود ہیں یا ان کی ترتیب میں ایک دو خاص پہلو ہی پیش نظر رکھے گئے ہیں۔ دوسرے اشاریہ کی ترتیب کے جو جدید اصول وضوابط ہیں ان کی بھی پوری رعایت ان میں نہیں کی گئی ہے۔ اب تک معارف کے جو اشاریے مرتب ہوئے ہیں وہ میری دانست کے مطابق یہ ہیں:

۱ :- معارف کا اشاریہ (۱۹۱۶-۱۹۷۰ء) - مرتبہ ڈاکٹر عابد رضا بیدار

یہ پہلے ''برہان'' دہلی (ستمبر - دسمبر ۱۹۶۶ء) میں علوم اسلامیہ کی انسائیکلو پیڈیا کے عنوان سے شایع ہوا تھا۔ بعد میں محترمہ شائستہ خاں کی تصحیح و ترتیب اور کچھ اضافہ کے ساتھ کتابی صورت میں خدا بخش لائبریری، پٹنہ سے ۱۹۹۵ء میں طبع ہوا۔ یہ اشاریہ ۳۱۳ صفحات پر مشتمل ہے۔

۲ :- معارف کا اشاریہ - مرتبہ ڈاکٹر صابرہ بیگم

یہ سہ ماہی ''اردو ادب'' (نئی دہلی) کے شمارہ نمبر ۳، ۱۹۸۳ء اور شمارہ نمبر ۱، ۱۹۸۷ء میں شایع ہوا تھا۔

۳ :- معارف کا توضیحی اشاریہ (۱۹۴۷ سے ۱۹۷۲ تک)، مقالہ برائے ایم فل، مرتبہ محترمہ شمیمہ خاتون، زیر نگرانی ڈاکٹر محمد زاہد، شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، ۱۹۹۴ء (غیر مطبوعہ)۔ یہ اشاریہ مضمون نگار/ مصنف کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے اور ۳۷۰ صفحات پر مشتمل ہے۔

۴ :- اشاریہ معارف (ایم اے مقالہ) مرتبہ عزیزہ شمیم اختر، یونیورسٹی اورینٹل کالج، لاہور، ۱۹۶۶ء (غیر مطبوعہ)

ڈاکٹر جمشید احمد ندوی کا مرتبہ اشاریہ اس اعتبار سے زیادہ اہم و مفید ہے کہ یہ تقریباً ۹۵ سال (۱۹۱۶-۲۰۱۱ء) کے شماروں کا احاطہ کر رہا ہے۔ دوسرے اسے تین پہلوؤں (عنوان مضمون/مضمون نگار/ موضوع) سے ترتیب دیا گیا ہے۔ تیسرے مستقل مضامین کے علاوہ اس میں شذرات (اداریے)، باب التقریظ والانتقاد، تعارف و تبصرہ، مکاتیب، آثار علمیہ اور نظموں وغزلوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ چوتھے ہر مضمون یا تحریر کے تحت متعلقہ جلد و شمارہ، ماہ و سن اور صفحات کے اندراج کا اہتمام کیا گیا ہے۔ پانچویں یہ کہ کچھ اہم شخصیات پر الگ الگ گوشے قایم کیے گئے ہیں اور ان سے متعلق ''معارف'' میں مطبوعہ تمام تحریروں کو یکجا مندرج کیا گیا ہے۔ مرتب نے اس بات کی بھرپور کوشش کی ہے کہ ایک شخصیت یا ایک موضوع پر مضامین ایک ساتھ جمع ہو جائیں اور الفبائی ترتیب بھی باقی رہے۔ واقعہ یہ کہ اشاریہ سازی بڑا وقت طلب کام ہے اس میں بڑے دشوار گزار مراحل سامنے آتے ہیں بالخصوص الفبائی ترتیب کی رعایت میں بہت پیچ و خم کھانے پڑتے ہیں یہ دشواری اس وقت اور بڑھ جاتی ہے جب مضمون نگار حضرات ایک ہی شخص کے نام مختلف طور پر لکھتے ہیں یا ناموں کے ساتھ القاب و آداب/ لاحقات جدا جدا استعمال کیے جاتے ہیں یا اسی طرح بالاقساط شایع ہونے والے مضامین میں پہلی قسط کے بعد بقیہ قسطوں کے عناوین تبدیل ہو جاتے ہیں۔ موجودہ اشاریہ

ہیں ان دشواریوں پر قابو پانے کے لیے مضمون اور مضمون نگار کے کالم میں دوقسم کے بریکٹ استعمال کیے گئے ہیں ان کی وضاحت مرتب نے کردی ہے۔ممکن ہے یہ چیزیں قارئین پر گراں گزریں لیکن یہ واضح رہے کہ ایسا صرف الفبائی ترتیب اور اندراجات میں یکسانیت کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ان سارے اہتمام کے باوجود ہم یہ دعوی نہیں کرسکتے کہ پیش نظر اشاریہ ہر لحاظ سے جامع و کامل ہے۔درحقیقت کوئی انسانی کوشش کامل و مکمل نہیں کہی جاسکتی اور پھر اشاریہ جیسے کاموں کے بارے میں جامعیت یا کمال کا دعوی کرنا اور صحیح نہ ہوگا۔ اس لیے کہ رسائل کے مشتملات کے ہر حصہ یا اشاریہ کی طباعت کے وقت تک کے تمام شماروں کا احاطہ بہت ہی مشکل ہے یہی وجہ ہے کہ کوئی اشاریہ کمی یا نقص سے مبرا نہیں قرار دیا جاسکتا۔اس میں بعض کمیاں یا خامیاں ہوسکتی ہیں ہم ان کی نشاندہی کے لیے قارئین کے تہ دل سے ممنون ہوں گے۔اس میں شبہ نہیں کہ اصلاح یا بہتری کی نیت سے ناقدانہ تبصروں سے نہ صرف خوب کو خوب تر بنانے میں مدد ملتی ہے بلکہ کام کرنے والوں کو اپنے احتساب میں بھی آسانی ہوتی ہے۔

اشاریہ کی ترتیب و تکمیل کے مختلف مراحل میں ہم ناظم دارالمصنفین مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب اوران کے معاون بلکہ دست و بازو محترم جناب عبدالمنان ہلالی صاحب کے قیمتی ومفید مشوروں سے مستفید ہوتے رہے۔ان حضرات کی سرپرستی ورہنمائی بڑی تقویت کا باعث بنی اوراس سے کچھ سیکھنے وتربیت پانے کے مواقع بھی میسر آئے۔اللہ کرے ان کی کرم فرمائیاں ہمیں نصیب ہوتی رہیں۔مزید براں اس دقت طلب کام کی نگرانی کے سلسلہ میں ان حضرات نے مجھ پر جس مکمل اعتماد کا اظہار کیا اسے میں نے اپنے لیے باعث سعادت سمجھا اور ایک آزمائش بھی تصور کیا۔ میں کہاں تک ان کی توقعات پورا کرسکا ہوں یہ بزرگانِ کرام ہی بہتر بتاسکیں گے۔بہرحال لائق مرتب ڈاکٹر جمشید احمد صاحب نے جو کچھ پونجی جمع کی اور میری جو دیکھ ریکھ رہی وہ حاضر خدمت ہے۔اس کی قدر و قیمت اور کمی وبیشی کا صحیح اندازہ اہل نظر قارئین ہی کریں گے۔ہم نے تو جو کچھ بن پڑا اسے پیش کردیا:

سپردم بہ تو مایہ خویش را　　　تو دانی حساب کم وبیش را

آخر میں اس حقیقت کا اظہار ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس اشاریہ کی کمپیوٹر کمپوزنگ اور تصحیح کا سلسلہ ایک طویل عرصہ تک جاری رہا۔ اس پورے عرصہ میں کمپیوٹر کمپوزر مولانا محمد عثمان قاسمی صاحب نے جس صبر وضبط کا مظاہرہ کیا وہ یقیناً لائق تحسین و باعث عبرت ہے۔موجودہ ماحول میں اس طرح کی صورتحال میں نہ کوئی مطالبہ اور نہ شکوہ شکایت بلکہ خاموشی اختیار کرنا بلاشبہ ایک مثالی روش ہے۔اس پرخلوص تعاون پر وہ ہم سب کی جانب سے دلی شکریہ کے مستحق ہیں لیکن سچ یہ ہے کہ یہ شکریہ یا کوئی اعزازیہ کسی بھی صورت میں ان کے خلوص وصبر کا صلہ نہیں بن سکتا اس موقع پر صرف یہی کہا جاسکتا ہے:انه من يتق ويصبر فان الله لايضيع اجر المحسنين (یوسف/۹۰)

ظفر الاسلام اصلاحی
شعبہ اسلامک اسٹڈیز
مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

۲۳ر دسمبر ۲۰۰۰ء

پس نوشت:

یہ ''ابتدائی کلمات'' (جیسا کہ اوپر کی تاریخ سے واضح ہے) سات برس قبل لکھے گئے تھے۔ اس وقت اشاریہ تقریباً تکمیل کے مرحلہ میں تھا، لیکن دریں اثناء کچھ ایسے موانع پیش آ گئے کہ یہ کام معرضِ التوا میں چلا گیا اور پھر یہ فیصلہ ہوا کہ اس اشاریہ میں ۲۰۱۱ء تک کے معارف کے شماروں کا احاطہ کیا جائے۔ سنین کے اس اضافہ کی وجہ سے اس کی تکمیل میں مزید تاخیر ہوتی چلی گئی اور اب بحمد اللہ اشاریہ کی پہلی جلد (باعتبار عنوان مضامین) مکمل ہو کر طباعت کے مرحلہ سے گذر رہی ہے۔ افسوس صد افسوس کہ اس دوران گرامی قدر مولانا ضیاء الدین اصلاحیؒ ۲؍ فروری ۲۰۰۸ء کو وفات پا گئے۔ وہ اس اشاریہ کی تکمیل واشاعت کے بے حد مشتاق تھے۔ اللہ انھیں اپنی رحمت و مغفرت نصیب کرے اور ان کے درجات بلند فرمائے (آمین ثم آمین)

میں نے اپنے ''ابتدائی کلمات'' میں معارف کے چندان اشاریہ جات کا ذکر کیا ہے جو جزوی، نامکمل یا مختصر طور پر پہلے شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں ایک اور اشاریہ کا اضافہ کرنا چاہتا ہوں جو ان سب سے بہتر و اہم ہے۔ اسے ''اشاریہ معارف اعظم گڑھ (جولائی ۱۹۱۶ تا جون ۲۰۰۵ء)'' کے عنوان سے جناب سہیل شفیق نے ڈاکٹر سجاد ظہیر کے زیر نگرانی مرتب کیا ہے۔ ۶۴۰ صفحات پر مشتمل یہ اشاریہ قرطاس، کراچی یونیورسٹی، کراچی سے اپریل ۲۰۰۶ء میں شایع ہوا ہے۔ یہ پانچ حصوں میں منقسم ہے:

حصۂ اول	مقالات بہ اعتبار زمانی ترتیب
حصۂ دوم	مقالات بہ لحاظ مضامین
حصۂ سوم	اشاریۂ مصنفین
حصۂ چہارم	تبصرہ شدہ کتب بہ لحاظ زمانی ترتیب
حصۂ پنجم	تبصرہ شدہ کتب بہ لحاظ حروف تہجی

بہر حال برادر عزیز ڈاکٹر جمشید احمد ندوی کا مرتب کردہ اشاریہ بہت ہی جامع اور مبسوط ہے اور معارف کے مندرجات سے متعلق معلومات کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوگا۔ یہ تین ضخیم جلدوں پر مشتمل ہوگا۔ اللہ کرے اس کی باقی جلدوں کی تکمیل واشاعت کے مراحل آسان ہو جائیں۔

۲۳؍ نومبر ۲۰۱۱ء — ظفر الاسلام اصلاحی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقدیم

بیسویں صدی کے اوائل میں علامہ شبلی علیہ الرحمہ کے خوابوں کو شرمندۂ تعبیر کرتے ہوئے ان کے شاگرد رشید جناب مولانا سید سلیمان ندوی نے دارالمصنفین کی تعمیر اس نیک نیتی اور پرخلوص جذبہ سے کی تھی کہ وہ اعظم گڑھ کی شناخت و پہچان بن گیا۔ وہاں سے علم وفن کی اس قدر آبیاری ہوئی کہ وہاں سے شائع ہونے والی مطبوعات اور اس کے ترجمان ''معارف'' کو ایک اعتبار حاصل ہوگیا۔ ''معارف'' کو قسام ازل نے اسم بامسمی بنا دیا تھا کہ وہ علوم وفنون کا ایک ابلتا چشمہ بن گیا اور اپنے عہد سے لے کر آج تک جویان علم کی پیاس بجھاتا چلا آرہا ہے۔
''معارف'' کے موضوعات اتنے متنوع ہوتے تھے کہ تقریباً اہل علم کے ہر طبقہ کے افراد اس سے سیراب ہوکر اپنے علم میں اضافہ کرتے اور اپنی علمی پیاس بجھاتے رہے ہیں۔ باری تعالی نے اسے شہرت اور تسلسل سے اشاعت پذیر ہونے کے شرف سے بھی نوازا ہے کہ وہ اپنی اولین اشاعت سے لے کر آج تک بلا کسی انقطاع کے شائع ہورہا ہے گویا وہ تقریباً ۹۵ سال سے مسلسل شائع ہورہا ہے۔ جناب مولانا محمد عمیر الصدیق ندوی جولائی ۲۰۰۸ء کے شذرات میں اس کے تسلسل کے ساتھ شائع ہونے کو محض فضل الٰہی قرار دیتے ہوئے رقمطراز ہیں: ''قریب ایک صدی کی اس مدت میں خدا جانے اردو کے کتنے اور کیسے کیسے رسالے شروع ہوئے، مولانا سید سلیمان ندویؒ کے الفاظ میں ''کتنے کاغذ کے پتلے، عرصہ وجود میں آئے اور فنا ہوگئے''۔ اللہ تعالی نے معارف کو یہ زندگی اور توانائی بخشی تو یہ صرف اس کا کرم بے پایاں ہے کہ اس نے علامہ شبلیؒ اور ان کے قابل فخر شاگردوں اور ان کے علمی وارثوں کی نیت اور عمل کو حسن قبول بخشا اور ان کے ذریعہ معارف کو اس مقام تک پہنچایا کہ اس نے علم وتحقیق وادب کے ساتھ حرارت ایمانی بڑھانے کی خدمت میں کوتاہی نہیں کی، فالحمد لله على ذلك''۔

معارف کے صفحات ومشتملات میں عہد بہ عہد تبدیلیاں بھی ہوتی رہی ہیں۔ اولین مرحلہ میں اس کی ایک جلد جولائی کے مہینہ سے شروع ہوکر جون کے مہینہ پر ختم ہوتی تھی گویا ۱۲ شماروں پر ایک جلد مشتمل ہوتی تھی۔ ابتدائی تین جلدیں - جولائی ۱۹۱۶ء تا جون ۱۹۱۹ء - اسی اعتبار سے شائع ہوئیں لیکن چوتھی جلد سے اس میں بنیادی تبدیلی یہ کی گئی کہ ۱۲ شماروں کے بجائے ۶ شماروں پر اس کی ایک جلد مکمل ہونے لگی اور یہ سلسلہ تا ہنوز جاری ہے۔

معارف کے مجموعی صفحات مختلف اوقات میں گھٹتے بڑھتے رہے ہیں۔ جولائی ۱۹۱۶ تا فروری ۱۹۱۷ء کے شمارے ۶۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ مارچ ۱۹۱۷ء کا شمارہ ۵۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ اپریل ۱۹۱۷ء تا جون ۱۹۱۹ء کے وقفہ میں اشاعت پذیر ہونے والے شمارے ۵۶ صفحات پر محیط ہیں۔ جولائی ۱۹۱۹ء سے معارف کے مجموعی صفحات کی تعداد ۸۰ ہوجاتی ہے جو آج تک برقرار ہے۔ جلد نمبر ۵۴ (۱۹۴۴ء) اور جلد نمبر ۵۵ و ۵۶

(۱۹۴۵ء) میں شائع ہونے والے اکثر شماروں کے صفحات کی مجموعی تعداد تو کاغذ کی قلت کی وجہ گھٹا دی گئی تھی لیکن اس کمی کو دور کرنے کے لیے اس کی کتابت کافی خفی کر دی گئی تھی۔ صفحات کی کمی اور اس کے اسباب کا ذکر مذکورہ سال کے جنوری، اپریل اور جون کے شماروں کے شذرات میں کیا گیا ہے۔ جلد نمبر ۵۴ کے اولین دو شمارے ۸۰ر صفحات پر ہی مشتمل ہیں لیکن باقی ماندہ چار شمارے ۲۴ صفحات پر مشتمل ہیں۔ ۱۹۴۵ء کی جلد نمبر ۵۵ کے ابتدائی چار شمارے ۲۴ صفحات پر اور پانچواں و چھٹا شمارہ ۳۲ صفحات پر مشتمل ہے۔ مذکورہ سال کی جلد نمبر ۵۶ کے ابتدائی تین شمارے ۶۴ صفحات پر اور آخری کے تین شمارے ۷۲ صفحات پر مشتمل ہیں۔

معارف کے صفحات کے ضمن میں یہاں اس بات کی وضاحت بھی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ بعض شماروں کے آخری صفحہ نمبر ۸۰ کے بجائے ۷۲ یا ۷۶ یا کوئی اور عدد ہے اس کا سبب یہ ہے کہ عام طور پر شذرات صرف تین صفحات پر مشتمل ہوتے تھے لیکن جب کبھی شذرات کے صفحات میں اضافہ ہوا تو اسی اعتبار سے آخری صفحہ کا نمبر بدل گیا لیکن معارف کے مجموعی صفحات کی تعداد ۸۰ ہی رہی کہ شذرات کے زائد صفحات کو اس کے مجموعی صفحات میں شامل کر لیا جاتا تھا۔ اسی طرح بسا اوقات شذرات کے مجموعی صفحات میں تسلسل کے ساتھ اضافہ کیا گیا ہے مثلاً حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ علیہما الرحمہ کی وفات پر لکھے جانے والے شذرات کے صفحات کے نمبرات میں تسلسل پایا جاتا ہے، لیکن معارف کے صفحات کی مجموعی تعداد ۸۰ ہی رہتی تھی۔

یہاں اس بات کی وضاحت بھی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ اکتوبر ۱۹۳۳ء کا شمارہ واحد شمارہ ہے جس میں اس کے مستقل ۸۰ صفحات کے علاوہ ضمیمہ کے طور پر ۳۴ صفحات مزید شامل کیے گئے ہیں۔ اسی طرح ستمبر ۱۹۴۳ء کا شمارہ واحد شمارہ ہے جس میں مطبوعات جدیدہ کے صفحات کا نمبر ۱۵۶-۱۶۰ درج ہے جب کہ اصولی طور پر ان صفحات کا نمبر ۲۳۷-۲۴۰ ہونا چاہیے تھا کہ مذکورہ نمبرات عام طور پر اگست کے شمارہ کے ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ اگست کے شمارہ میں مولانا اشرف علی تھانوی علیہ الرحمہ کے انتقال پر مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ نے شذرات لکھے تھے جو اس کے مختص صفحات سے زائد تھے نتیجہ میں اگست کے شمارہ کے آخری آٹھ صفحات کم کر دیے گئے تھے لیکن چونکہ وہ صفحات یا کم از کم مطبوعات جدیدہ کے مختص صفحات -۱۵۶ تا ۱۶۰- چھپ چکے تھے لہذا انھیں ستمبر کے شمارہ میں بعینہٖ شامل کر دیا گیا۔

معارف کی پوری زندگی میں تین شمارے ایسے ہیں جن کے مجموعی صفحات کی تعداد معارف کے مستقل صفحات سے کہیں زیادہ ہے۔ ان میں سے دو شمارے ایسے ہیں جو مشترکہ طور پر شائع ہوئے ہیں اور تیسرا شمارہ مولانا صدر یار جنگ حبیب الرحمٰن خان شروانی کے حالات زندگی اور علمی کارناموں پر محیط ہے۔

اولین شمارہ مئی جون ۱۹۲۱ء کا مشترک ہے۔ اس شمارہ پر اس کے مشترک ہونے کی وضاحت ہے لیکن اس کے اسباب کے بارے میں اب تک مجھے کچھ بھی اندازہ نہ ہو سکا۔ یہ شمارہ ۱۴۴ صفحات پر مشتمل ہے۔

دوسرا شمارہ بھی اتفاق سے مئی جون کا ہی ہے جو ۱۹۵۵ء میں منظر عام پر آیا تھا۔ مذکورہ شمارہ "سید سلیمان ندوی نمبر" ہے۔ اس نمبر کو ہم مشترکہ شمارہ صرف اس لیے مان رہے ہیں کہ شذرات میں جون کے شمارہ کی عدم اشاعت کا ذکر ہے حالانکہ مذکورہ شمارہ پر صرف مئی ۱۹۵۵ء لکھا ہوا ہے۔ یہ شمارہ شذرات کے دو صفحات کے علاوہ ۴۰۸ صفحات مشتمل ہے۔

تیسرا شمارہ دسمبر ۱۹۵۰ء کا ہے جو مولانا حبیب الرحمٰن خان شروانی صدر یار جنگ کے حالات زندگی اور علمی و دینی خدمات پر مشتمل ہے اور اسے خاص نمبر کی شکل دے دی گئی ہے۔ اس شمارہ کے صفحات کی مجموعی تعداد ۱۰۴ ہے۔

مؤخر الذکر دونوں شماروں کے علاوہ معارف کا کوئی خاص نمبر شائع نہیں ہوا ہے۔ اول الذکر شمارہ پر "سید سلیمان ندوی نمبر" ہونے کی وضاحت کی گئی ہے جب کہ مؤخر الذکر شمارہ کے شذرات میں اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ مولانا حبیب الرحمٰن خان شروانی صدر یار جنگ کی شخصیت و کارناموں کے پیش نظر اپنی سابقہ روش سے ہٹتے ہوئے معارف نے اپنے صفحات کو مولانا صدر یار جنگ کی حیات و کارناموں کو بیان کرنے کے لیے مختص کر دیا ہے۔

عام طور پر معارف میں اشتہارات شائع نہیں ہوتے تھے، اگر شائع بھی ہوئے ہیں تو اس کے مجموعی صفحات کے علاوہ شائع ہوئے ہیں جیسے دو صفحات پر مشتمل مسعود علی ندوی کی اپیل نومبر دسمبر ۱۹۲۰ء میں شائع ہوئی لیکن وہ اس کے مجموعی صفحات کے علاوہ ہے، اسی طرح اگست ۱۹۱۹ء کے شمارہ میں ۱۶ر صفحات پر مشتمل دارالمصنفین کی مطبوعات کا اشتہار ہے لیکن وہ صفحات بھی رسالہ کے مجموعی صفحات کے علاوہ ہیں۔ اسی وجہ سے ان کا ذکر فہرست میں نہیں پایا جاتا ہے۔ ان کے علاوہ بھی کچھ اشتہارات شائع ہوئے ہیں لیکن وہ رسالہ کے مجموعی صفحات کی تعداد کے علاوہ ہیں۔ تاہم کچھ شمارے ایسے بھی ہیں جن میں معارف کے آخری صفحہ (صفحہ نمبر ۸۰/۱۶۰/۲۴۰/۳۲۰/۴۰۰/۴۸۰) پر کسی چیز کا اشتہار شائع ہوا ہے اور اس کا ذکر فہرست مضامین میں بھی کیا گیا ہے۔ ایسے اشتہارات عام طور پر مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، انجمن اعتدال پسند مصنفین اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کی جانب سے شائع ہوئے ہیں۔ معارف میں شائع ہونے والے کسی بھی قسم کے اشتہارات کو اشاریہ میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔

معارف میں شائع ہونے والے مقالات میں کافی تنوع پایا جاتا ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالات اہم اسلامی علوم وفنون کے علاوہ زبان و ادب، سماجیات، سیاسیات، معاشیات اور سائنسی موضوعات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ معارف میں شائع شدہ مقالات اور اس کے مستقل عناوین کے تحت منظر عام پر آنے والے علمی و ادبی مواد پر سرسری نگاہ ڈالنے سے اس بات کا اندازہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی شخص معارف میں شائع شدہ مواد کا بالاستیعاب مطالعہ کر لے تو وہ بہت سے علمی موضوعات خاص طور سے اسلامی علوم وفنون کے موضوعات پر کسی بھی مجلس میں سیر حاصل گفتگو کر سکتا ہے۔

معارف میں شائع ہونے والے مقالات کے بارے میں چند باتوں کی وضاحت مناسب معلوم ہوتی ہے:

- معارف کے طویل ترین عرصۂ اشاعت میں غالبا دو مقالے ایسے ہیں جو دوبار شائع کیے گئے۔ ان مقالات کے عنوان "ابوالعلاء معری کے متعلق مستشرقین یورپ کی غلطیاں" اور "(امام) اشعری اور مستشرقین" ہیں۔ اولین مقالہ ستمبر تا نومبر ۱۹۲۵ء اور مئی جون ۱۹۸۶ء میں بالترتیب شائع ہوا ہے جب کہ مؤخر الذکر مضمون نومبر دسمبر ۱۹۵۶ء وجنوری ۱۹۵۷ء اور فروری تا مئی ۱۹۸۶ء کے شماروں میں چھپا ہے۔
- معارف میں بعض مقالہ نگاران کے ایک ہی موضوع پر دو مقالات شائع ہوئے ہیں۔ کبھی شائع کرنے کی وجہ بیان کر دی جاتی ہے تو

کبھی اس کی وجہ بیان نہیں کی جاتی ہے جیسے جناب شبیر احمد خان غوری کا مقالہ ''(علامہ) اقبال اور مسئلہ زماں'' (جون جولائی ۱۹۶۲ء) اس نوٹ کے ساتھ شائع ہوا ہے کہ ''اس مسئلہ پر فاضل مضمون نگار کا ایک مضمون معارف میں نکل چکا ہے لیکن وہ مختصر تھا، اس مضمون میں اس موضوع پر زیادہ تفصیل کے ساتھ بحث کی گئی ہے اس لیے اس کو شائع کیا جاتا ہے''۔

اسی ضمن میں جناب معتصم عباسی آزاد کے مقالات بھی آتے ہیں کہ ان کا پہلا مضمون ''(حضرت خواجہ) معین الدین چشتی کا زمانۂ ورود ہند، تاریخ کے آئینہ میں'' دسمبر ۲۰۰۴ء میں شائع ہوا اور اسی موضوع پر دوسرا مضمون بہت ہی جزوی معلومات کے اضافہ کے ساتھ جولائی ۲۰۰۷ء میں ''(حضرت خواجہ) معین الدین چشتی کا زمانۂ ورود ہند (تاریخ کے آئینہ میں)'' کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ غالباً یہ واحد مقالہ ہے جو دوبارا الگ الگ عنوان سے شائع ہوا ہے اور اسے دوبارہ شائع کرنے کی وضاحت نہیں کی گئی ہے۔

- معارف میں شائع ہونے والے بعض مقالات ایسے ہیں جن کے آخر میں ''باقی'' لکھا ہے لیکن وہ بعد میں شائع نہیں ہوئے۔ ان مقالات میں ابوالنصر فارابی اور اس کا فلسفہ از ابوالنصر احمد بھوپالی (ستمبر ۱۹۲۳ء)، مبادی فلسفہ اخلاق از آزاد (اکتوبر ۱۹۲۳ء)، مسند امام احمد بن حنبل از مولانا ضیاء الدین اصلاحی (ستمبر ۱۹۶۵ء) وغیرہ جیسے مضامین و مقالات شامل ہیں۔

- معارف کے مقالات میں پائی جانے والی ایک خامی یہ بھی ہے کہ بسا اوقات کسی موضوع سے متعلق سلسلہ وار مضامین مختلف عناوین سے شائع ہوئے ہیں جس کی وجہ سے ان مضامین کی الفبائی ترتیب باقی نہیں رہ پاتی ہے اور ایک سلسلہ وار مضمون مختلف جگہوں پر مندرج ہو جاتا ہے اور ادھر ادھر بکھر جاتا ہے۔ راقم نے ان جیسے مقالات کا سلسلہ برقرار رکھنے کے لیے یہ طریقہ کار اختیار کیا ہے کہ عام طور سے اولین قسط اور بسا اوقات دوسری قسط کا اعتبار کرتے ہوئے باقی ماندہ قسطوں کو تسلسل کے ساتھ نقل کر دیا ہے اور قاری کی سہولت لیے قوسین میں وہ عنوان بھی دے دیا ہے جس نام سے وہ اشاعت پذیر ہوا ہے۔ ان قسط وار مقالات میں ''(شیخ) احمد سرہندی (مجدد الف ثانی)'' از محمد مسعود احمد (جون ۱۹۶۱ تا فروری ۱۹۶۲ء)، ''سفر افغانستان'' از سید سلیمان ندوی (دسمبر ۱۹۳۳ تا نومبر ۱۹۳۴ء)، ''سوشیالزم کی مختلف حیثیتیں اور اس کی اشاعت کے اسباب'' از عبدالسلام ندوی (مئی تا ستمبر ۱۹۲۷ء و جولائی ۱۹۳۰ء)، ''عہد تیموریہ سے پہلے کے صوفیائے کرام اور ان کی فارسی تصانیف'' از سید صباح الدین عبدالرحمٰن (جولائی ۱۹۴۵ تا مارچ ۱۹۴۶ء و ستمبر ۱۹۴۶ء)، ''مسلمان عورتوں کے حقوق کا مسئلہ'' از سید سلیمان ندوی (اپریل تا جون، اگست تا اکتوبر ۱۹۲۷ء، جنوری و جون ۱۹۲۸ء) کے علاوہ دیگر مقالات بھی شامل ہیں۔

مقالات کے عناوین میں پائے جانے والے یہ اختلاف کبھی کبھی جزوی بھی ہوتے ہیں جیسے ''بانی درس نظامی ملا نظام الدین محمد فرنگی محلی'' از محمد رضا انصاری فرنگی محلی (جولائی ۱۹۷۰ء تا مارچ ۱۹۷۱ء) کی بعض قسطیں بغیر محمد کے شائع ہوئی ہیں لہذا ہر قسط میں محمد کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔ مولانا قاضی اطہر مبارکپوری کے مضمون ''ساتویں صدی تک کے رجال السند والہند'' (جنوری تا اپریل ۱۹۵۸ء) کی بعض قسطیں صرف ''ساتویں صدی کے رجال السند و الهند'' کے نام سے شائع ہوئی ہیں لہذا یکسانیت کی خاطر ہر قسط میں ''تک'' کا اضافہ کر دیا گیا ہے۔

اسی طرح سید صباح الدین عبدالرحمٰن کے مضمون ''ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کی ایک جھلک'' (اگست ۱۹۵۰ء تا مئی ۱۹۵۳ء) کی بعض قسطیں ''ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کی ایک جھلک''، ''ہندوستان میں مسلمان حکمرانوں کے عہد کی ایک جھلک'' کے نام سے شائع ہوئیں ہیں، یکسانیت کی خاطر اس سلسلہ مضامین کو ''ہندوستان کے مسلمان حکمرانوں کے عہد کی ایک جھلک'' کے نام سے مرتب کیا گیا ہے۔ ان جیسے بعض دیگر مقالات بھی پائے جاتے ہیں جن کے عناوین میں چونکہ بہت جزوی طور پر اختلاف پایا جاتا ہے لہٰذا ان کے اصل عناوین کو قوسین میں نقل نہیں گیا ہے۔

یہاں اس بات کی وضاحت کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مذکورہ مضمون دراصل ''تلخیص وتبصرہ'' کے تحت وقتاً فوقتاً شائع ہوئے ہیں اور ملخص نے مختلف مؤرخین کی آراء کو مذکورہ بالاعنوان کے تحت اکٹھا کر دیا ہے۔ اس لحاظ سے اسے قسط وار مضامین کے زمرہ میں شامل نہیں کیا جاسکتا ہے لیکن موضوع کے اعتبار سے اسے سلسلہ وار قرار دیا جاسکتا ہے۔ راقم نے اس مقالہ کے موضوع کا اعتبار کرتے ہوئے اسے قسط وار مضامین کے زمرہ میں رکھا ہے۔

- معارف میں شائع ہونے والے بعض مضامین پر قسط کی وضاحت نہیں ہوتی ہے اور ان کے عناوین میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے لیکن موضوع اور تسلسل کے لحاظ سے وہ قسط وار مضامین ہوتے ہیں لہٰذا ان مضامین کو قسط کے اعتبار سے مرتب کر دیا گیا ہے جیسے اسلامی ریاست کا ارتقاء از محمد ارشد (مارچ، مئی، نومبر ۲۰۰۹ء)۔

- جس طرح معارف کے بعض قسط وار مقالات کے عناوین میں اختلاف پایا جاتا ہے اسی طرح بعض مضمون نگاران کے اسمائے گرامی میں بھی اختلاف پایا جاتا ہے جیسے رئیس احمد نعمانی کے بعض افکار وخیالات رئیس نعمانی کے نام سے، محمد الیاس الاعظمی کے بعض مضامین الیاس الاعظمی کے نام سے، محمد عمیر الصدیق ندوی کے بعض مقالات حافظ محمد عمیر الصدیق ندوی، یا عمیر الصدیق ندوی یا محمد عمیر الصدیق کے نام سے، محمد ولی الحق انصاری کے بعض مضامین وغزلیں وغیرہ ولی الحق انصاری یا ولی الحق وؔلی انصاری یا محمد ولی الحق وؔلی انصاری کے نام سے اور محمد یٰسین تسکین قریشی کی اکثر غزلیں تسکین قریشی کے نام سے شائع ہوئی ہیں۔ یہ نام تو ایسے ہیں جن کے مدلول میں بہت زیادہ فرق نہیں پڑتا ہے لیکن بعض نام ایسے ہیں جو بالکل مختلف شخصیت کی نشاندہی کرتے ہیں جیسے ''اسلام اور مستشرقین سے متعلق کچھ خطوط'' اور ''اسلام اور مستشرقین کی بیرونی ڈاک'' کے عنوان کے تحت شائع ہونے والے بعض خطوط کے مکتوب نگار میں بین فرق پایا جاتا ہے جیسے ان مکاتیب میں بعض خطوط طفیل محمد/محمد طفیل/طفیل احمد کے نام سے چھپے ہیں حالانکہ یہ تینوں نام ایک ہی شخصیت کے ہیں۔ اسی طرح ایک سلسلہ مضامین کی بعض قسطیں انوار سوپاروی اور بعض قسطیں انور سوپاروی کے نام سے چھپی ہیں۔ ان میں اصل نام کیا ہے قاری کے لیے فیصلہ کرنا دشوار ہے۔ راقم السطور نے ان جیسے مضمون نگاران کے نام میں یکسانیت کی خاطر اصل نام کو مندرج کیا ہے اور جن مقامات پر اسماء میں کمی رہ گئی اس کو اپنی صواب دید کے مطابق بڑھا دیا ہے لہٰذا مذکورہ افراد کا نام ہر جگہ رئیس احمد نعمانی، محمد الیاس الاعظمی، محمد عمیر الصدیق ندوی، محمد ولی الحق انصاری اور محمد یٰسین تسکین قریشی کر دیا گیا ہے اور جن ناموں میں بین اور واضح فرق پایا جاتا ہے انھیں مختلف ذرائع کی مدد سے صحیح کر دیا گیا ہے اور جہاں تصحیح ممکن

نہیں ہوسکی ہے اسے اسی طرح نقل کر دیا گیا ہے جس طرح فہرست مضامین میں مذکور ہے۔

- معارف میں شائع ہونے والے بعض قسط وار مضامین کی پہلی اور دوسری یا کسی اور قسط کے درمیان کافی وقفہ پایا جاتا ہے مثلاً سوشیالزم کی مختلف حیثیتیں اور اس کی اشاعت کے اسباب از عبدالسلام ندوی کی چوتھی قسط ستمبر ۱۹۲۷ء میں چھپی تھی تو پانچویں اور آخری قسط تقریباً ڈھائی سال بعد جولائی ۱۹۳۰ء میں شائع ہوئی تھی۔ اسی طرح محمد صابر خان کے مقالہ ''علی بن ربن الطبری کی فردوس الحکمۃ میں آیورویدپر ایک مقالہ'' کی پہلی قسط جولائی ۱۹۹۰ء اور دوسری قسط مارچ ۱۹۹۵ء میں چھپی تھی۔ اسی طرح عہد تیموریہ سے پہلے کے صوفیائے کرام اور ان کی فارسی تصانیف از سید صباح الدین عبدالرحمٰن نامی مقالہ کی نویں قسط مارچ ۱۹۴۶ء اور دسویں قسط ستمبر ۱۹۴۶ء میں چھپی تھی۔ مولانا سید سلیمان ندوی کا مقالہ'' مسلمان عورتوں کے حقوق کا مسئلہ'' بھی مختلف اوقات۔ اپریل تا جون، اگست تا اکتوبر ۱۹۲۷ء، جنوری و جون ۱۹۲۸ء۔ میں شائع ہوا ہے۔ ان جیسے دیگر مقالات اور بھی پائے جاتے ہیں۔
- معارف میں شائع ہونے والے بعض مقالات اور ادبیات و آثار قدیمہ جیسے مستقل عناوین کے تحت شائع ہونے والے مواد سے قبل مدیران معارف ''نوٹ'' لکھتے رہے ہیں جس میں موضوع کی اہمیت پر روشنی ڈالی جاتی تھی۔ مضامین میں شامل ''نوٹ'' کو مضمون کا حصہ مانتے ہوئے فہرست مضامین کے مطابق صفحات کے نمبر درج کیے گئے ہیں۔
- معارف کے متعدد صفحات میں مقالہ نگاران کا مکمل نام بیان کرنے کے بجائے ان کے اسماء گرامی کے مخففات کا ذکر کیا گیا ہے۔ عام طور سے ان مخففات کا ذکر اخبار علمیہ، تلخیص و تبصرہ، تقریظ و انتقاد اور مطبوعات جدیدہ جیسے مستقل کالم میں کیا جاتا ہے۔ ان مخففات کی مکمل فہرست ''طریقۂ کار'' کے بعد نقل کی گئی ہے، لیکن کچھ مخففات ایسے ہیں جن کے اصل نام مجھے نہیں معلوم ہو سکے ہیں۔

معارف میں مقالات کے علاوہ بعض چیزیں مستقل عناوین / موضوعات کے تحت شائع ہوتی رہی ہیں اور آج بھی شائع ہو رہی ہیں جیسے ادبیات، اخبار علمیہ، مطبوعات جدیدہ وغیرہ لیکن ان مستقل عناوین میں بھی رد و بدل ہوتا رہا ہے۔ معارف کے مستقل عناوین میں آثار علمیہ، اخبار علمیہ، ادبیات، استفسار، باب المراسلۃ والمناظرۃ، تلخیص و تبصرہ، تقریظ، شذرات، مباحث حاضرہ، مترجمات، مسائل و فتاوی، معارف کی ڈاک، مطبوعات جدیدہ، وفیات جیسے عناوین و موضوعات شامل ہیں۔

معارف کے مستقل عناوین کا ذکر علامہ سید سلیمان ندوی علیہ الرحمہ نے جون ۱۹۴۳ء کے شذرات (صفحہ ۴۰۲-۴۰۳) میں تفصیل سے کیا ہے اور انھیں معارف کی اولیات میں شمار کرتے ہوئے ان مستقل عناوین میں عہد بہ عہد ہونے والی تبدیلیوں اور اس کے اثرات کا ذکر کیا ہے۔ معارف کے مستقل موضوعات حسب ذیل ہیں:

آثار علمیہ: اس عنوان کے تحت عام طور سے مشاہیر کے خطوط چھپتے رہے ہیں تاہم کبھی کبھی بعض مشاہیر کے مقالات اور نظمیں / غزلیں بھی چھپتی رہی ہیں مثلاً اس عنوان کے تحت علامہ شبلی نعمانی کا مضمون ''ابن رشد کی تصنیفات'' اور مرحوم سالک دہلوی کی نظم ''شہر آشوب'' چھپی ہیں۔ یہ مستقل کالم معارف کی اولین اشاعت میں شامل ہے اور اس کے تحت کبھی کبھار اب بھی کچھ نہ کچھ چیزیں منظر عام پر آجاتی ہیں۔

اخبار علمیہ: معارف کا یہ وہ مستقل عنوان ہے جس کی ابتداء اگست ۱۹۱۹ء کے شمارہ سے کی گئی تھی جس کا سلسلہ ہنوز اب تک جاری و

ساری ہے۔تاہم معارف کے درمیانی عہد میں اس کالم کو بند کر دیا گیا تھا۔اگست ۱۹۱۹ء سے لے کر اپریل ۱۹۴۳ء تک یہ کالم تقریباً تسلسل کے ساتھ شائع ہوتا رہا ہے۔غالباً اس دورانیہ کے چند شمارے ایسے ہوں گے جن میں یہ کالم شائع نہیں ہوا ہے۔جون ۱۹۸۸ء سے اس کالم کو دوبارہ شروع کیا گیا ہے جس کا سلسلہ ہنوز جاری ہے۔جون ۱۹۸۸ء سے لے کر دسمبر ۱۹۹۹ء کے دورانیہ میں شائع ہونے والے شماروں میں سے بعض شماروں میں یہ کالم موجود نہیں ہے لیکن اپریل ۲۰۰۳ء سے یہ کالم مسلسل (دسمبر ۲۰۰۴ء کو چھوڑ کر) شائع ہو رہا ہے۔

اس کالم کے تحت علمی و ادبی دنیا کے اہم خبروں کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے۔کبھی ان خبروں کو کسی عنوان کے تحت بیان کیا جاتا ہے تو کبھی ان کو بغیر عنوان کے ہی چھاپ دیا جاتا ہے۔معارف کی ابتدائی جلدوں میں عام طور سے ان خبروں کو کسی عنوان کے ساتھ شائع کیا جاتا رہا ہے لیکن بعد میں انھیں عنوانات کے بغیر ہی شائع کیا جانے لگا۔میری درخواست پر اخبار علمیہ کے مرتب جناب کلیم صفات اصلاحی صاحب، حالیہ اشاعتوں میں دوبارہ ان علمی خبروں کو عناوین کے تحت ذکر کرنے کا اہتمام کرنے لگے ہیں۔عام طور پر یہ کالم تین تا پانچ صفحات پر مشتمل ہوتا ہے۔حالیہ اشاعتوں میں اس کے لیے تین صفحات مختص کیے گئے ہیں۔

ادبیات: معارف کے اولین شمارہ سے لے کر آج تک کے شماروں میں ادبیات کا کالم جاری وساری ہے۔یہ الگ بات ہے کہ ہر شمارے میں یہ عنوان مذکور نہیں ہوتا ہے۔ادبیات کے تحت نظم، غزل، رباعیات، نعت، حمد، مرثیہ، قطعات تاریخ وفات وغیرہ کو شائع کیا جاتا ہے۔مذکورہ اصناف شاعری کے علاوہ ادبیات کے بعض حصوں کو بسا اوقات کوئی مستقل عنوان دے دیا گیا ہے۔جیسے اکبر الٰہ آبادی کے بعض اشعار کو ''فریاد اکبر''، جوش ملیح آبادی کے بعض کلام کو ''محسوسات جوش'' کے نام سے، جگر مرادآبادی کی بعض غزلوں کو ''خون جگر'' کی سرخی کے تحت پیش کیا گیا ہے۔اسی طرح بعض دیگر شعراء کی غزلوں/نظموں کو ایک مستقل عنوان دے کر شائع کیا گیا ہے جیسے جگن ناتھ آزاد کی نظم کو ''بھارت کے مسلمان'' اور اس کے جواب میں لکھی جانے والی نظموں کو بھی مستقل عنوان کے تحت جیسے ''اعتراف وتشکر'' از یحییٰ اعظمی ذکر کیا گیا ہے۔اسی طرح قمر سنبھلی کی نظم کو ''اے ارض فلسطین'' کا عنوان دیا گیا ہے۔ابوالمجاہد زاہد کی نعت پر ''رحمۃ للعالمین'' کی سرخی لگائی گئی ہے۔مرزا احسان احمد کی غزل کو ''نوائے شعلہ ریز'' کا نام دیا گیا ہے۔

اس مستقل عنوان کے تحت آج بھی غزل، حمد، نعت، نظم، مرثیہ، قطعات تاریخ وفات وغیرہ شائع ہو رہے ہیں تاہم ہر شمارے میں یہ عنوان موجود نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی اس کے لیے صفحات کی تعداد مقرر کی گئی ہے۔حسب ضرورت اس مستقل عنوان کے صفحات میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔

یہاں اس بات کی وضاحت مناسب معلوم ہوتی ہے کہ کچھ منظوم مواد ''ادبیات'' کے کالم کے علاوہ بھی شائع ہوا ہے۔جیسے ''سفیر غیب'' (فروری ۱۹۴۴ء)، ''شاہ دکن اور سیرۃ النبی'' (دسمبر ۱۹۳۷ء)، ''(مولانا) عبدالسلام ندوی کی یاد میں'' از بیگم احتشام احمد ندوی (دسمبر ۱۹۷۹ء) اور ''مرثیہ عربی'' از مولانا ظفر احمد تھانوی (اکتوبر ۱۹۴۳ء و اپریل ۱۹۵۱ء) وغیرہ۔مذکورہ منظوم مواد میں سے ''شاہ دکن اور سیرۃ النبی'' اور ''(مولانا) عبدالسلام ندوی کی یاد میں'' کے علاوہ تمام مواد کا تعلق وفیات کے کالم سے ہے۔

استفسار: اس کالم کی ابتداء نومبر ۱۹۳۱ء سے کی گئی تھی جس کا سلسلہ اب تک جاری رہا ہے لیکن ان کی مجموعی تعداد بہت زیادہ نہیں ہے۔اس کالم کی اشاعت میں کافی طویل طویل وقفے آتے رہے ہیں مثلاً نومبر دسمبر ۱۹۳۱ء اور جنوری ۱۹۳۲ء کے بعد مئی ۱۹۴۳ء کے شمارہ میں اس

کالم کے تحت کچھ مواد شائع کیا گیا ہے۔مئی ۱۹۴۳ء سے لے کر دسمبر ۱۹۵۶ء تک اس عنوان کے تحت کچھ مواد وہ وقتاً فوقتاً شائع ہوتا رہا ہے۔اسی دورانیہ کو مذکورہ کالم کا بنیادی دور قرار دیا جاسکتا ہے۔اس کے بعد جولائی ۱۹۸۸ء میں اس کالم کے تحت کچھ مواد شائع ہوا ہے اوراس وقت سے لے کر آج تک کبھی کبھار کوئی مواد اس کے تحت شائع کردیا جاتا ہے۔

اس عنوان کے تحت مستفسر کے علمی سوالات کے جوابات تحریر کیے جاتے ہیں۔پہلے مستفسر کا نام و پتہ لکھ کر اس علمی سوال یا مطلوبہ معلومات کا ذکر کیا جاتا ہے پھر معارف کی جانب سے اس علمی سوال کا جواب یا مطلوبہ معلومات فراہم کی جاتی ہے۔اس مخصوص کالم کے لیے صفحات کی تعداد مختص نہیں ہے۔

باب التقریظ والانتقاد:اس مستقل عنوان کے تحت اردو،انگریزی اورعربی کی کسی مطبوعہ کتاب کا بھرپور تعارف کرایا جاتا ہے یا نئے اور جدید رسائل اور رسائل کے خصوصی شماروں کا تعارف کرایا جاتا ہے۔اس عنوان کے تحت آج بھی کسی نہ کسی کتاب یا رسائل کے خاص نمبر کا بھرپور تعارف کرایا جاتا ہے۔تاہم ہر شمارہ میں تقریظ کا کالم نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی کبھی اس کے صفحات کی کوئی مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔

یہاں اس بات کی وضاحت مناسب معلوم ہوتی ہے کہ اس مستقل عنوان کے تحت صرف کتب کا تعارف ہی نہیں کرایا گیا ہے بلکہ بسااوقات اس کے تحت اداروں کا تعارف بھی کرایا گیا ہے جیسے اگست ستمبر ۱۹۴۶ء کے شماروں میں مجمع فؤاد الأول للغة العربية کا تعارف کرایا گیا تو اپریل ۱۹۲۵ء کے شمارہ میں ''معارف اور زمیندار میں معارضہ عروض'' جیسے مسائل زیر بحث آئے ہیں۔اسی طرح ''تجارب الأمم'' کے متعلق اخبار علمیہ کے تحت ایک خبر شائع کی گئی تو مئی ۱۹۲۳ء کے شمارہ میں اس پر باب التقریظ کے تحت استدراک لکھا گیا ہے۔اسی طرح عبدالسلام ندوی کے مضمون وحدۃ الوجود پر مذکورہ شمارہ میں ہی باب التقریظ کے تحت استدراک لکھا گیا۔

باب المراسلۃ والمناظرۃ:اس عنوان کے تحت معارف میں شائع ہونے والے کسی مضمون/مقالہ میں پائی جانے والی خامیوں اور کمیوں کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اوران پر نقد واستدراک کیا جاتا ہے۔اس مستقل عنوان کے تحت چند شماروں میں ہی مواد ملتا ہے۔غالباً بعد میں اسی کالم نے ''معارف کی ڈاک'' کا قالب اختیار کرلیا ہے۔

تلخیص وتبصرہ:معارف کا یہ وہ مستقل عنوان ہے جس کی ابتداء اگست ۱۹۱۹ء کے شمارہ سے کی گئی تھی جس کا سلسلہ ہنوز اب تک جاری ہے۔تاہم معارف کے درمیانی عہد میں اس کالم کو بند کردیا گیا تھا۔اگست ۱۹۱۹ء سے لے کر اپریل ۱۹۴۳ء تک یہ کالم تقریباً تسلسل کے ساتھ شائع ہوتا رہا ہے۔غالباً اس دورانیہ کے چند شمارے ایسے ہوں گے جن میں یہ کالم شائع نہیں ہوا ہے۔اس کے بعد ۱۹۴۷ء کے کچھ شماروں میں یہ کالم شائع ہوتا رہا۔پھر ۱۹۵۰ء سے لے کر آج تک یہ کالم شائع ہورہا ہے تاہم درمیان درمیان میں وقفہ بھی پایا جاتا ہے۔

اس عنوان کے تحت انگریزی اور عربی کے رسائل وجرائد میں چھپنے والے بعض اہم علمی،وادبی واسلامی موضوعات پر مشتمل مقالات و مضامین کا خلاصہ بیان کیا جاتا ہے۔یہ کالم بھی معارف میں بالکل ابتدائی دور سے لکھا جارہا ہے اوراس کے نصف سے زائد ابتدائی شماروں میں تسلسل کے ساتھ شائع ہوتا رہا ہے۔درمیانی عرصہ میں بالکل بند ہوگیا تھا لیکن حالیہ اشاعتوں میں اس کا دوبارہ احیاء کیا گیا ہے اور تقریباً ہر دوسرے تیسرے شمارہ میں اس عنوان کے تحت کچھ نہ کچھ پیش کیا جاتا ہے لیکن اس کے لیے صفحات کی تعداد مختص نہیں ہے۔

شذرات: یہ عنوان معارف کی جان ہے کہ اس کے تحت اہم ملکی وملی وعالمی مسائل کا ذکر کیا جاتا ہے۔سلگتے موضوعات کو زیر بحث لایا جاتا ہے۔مختلف علمی کارناموں پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔مشہور ومعروف شخصیات کی وفات پر اظہار افسوس کیا جاتا ہے۔یہ نثری مرثیے زبان و ادب کے بہترین نمونے قرار دیے جاسکتے ہیں اور شخصیت سے متعلق لکھنے والے کے جذبات واحساسات کا آئینہ دار بھی۔شذرات کو ہم ملک و ملت اور عالم اسلام کا آئینہ بھی قرار دے سکتے ہیں کہ اس میں پچھلی صدی کے تمام اہم واقعات کا ذکر کسی نہ کسی شکل میں ملتا ہے۔ان کی روشنی میں امت مسلمہ کی گذشتہ صدی کی تاریخ کو کسی نہ کسی حد تک مرتب کیا جاسکتا ہے۔

اصولی طور پر تو ایسا ہونا چاہئے تھا کہ کوئی بھی شمارہ شذرات کے بغیر شائع نہ ہوتا لیکن بعض ناگزیر وجوہات کی بناء پر بعض شمارے ایسے ہیں جو شذرات کے بغیر شائع ہوئے ہیں۔ان وجوہات کا کبھی ذکر کر دیا گیا ہے تو کبھی بغیر کسی وضاحت کے شذرات کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔شذرات کے بغیر شائع ہونے والے شماروں کی مجموعی تعداد ان شماروں سے زیادہ ہے جن میں مطبوعات جدیدہ کا کالم شامل نہیں ہے یا دوسرے الفاظ میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ معارف کے مستقل موضوعات میں ''مطبوعات جدیدۃ'' کا موضوع ایسا ہے جو معارف کے اکثر شماروں میں شامل اشاعت ہے۔اس کے بعد ''شذرات'' کا نمبر آتا ہے کہ ان کی مجموعی تعداد ''مطبوعات جدیدۃ'' کی مجموعی تعداد سے کم ہے

یہاں اس بات کی وضاحت بھی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ شذرات زیادہ تر معارف کے مدیران ہی لکھتے رہے ہیں لیکن ان کی غیر موجودگی میں شریک مدیر یا مجلس ادارت میں شامل کوئی شخصیت یا کوئی رفیق دارالمصنفین لکھتا تھا۔یہ صورت حال تقریباً تمام مدیران کے عہد ادارت میں پیش آتی رہی ہے لیکن جناب مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا دور ادارات ایک ایسا دور ہے جس میں انھوں نے ہی تمام شذرات لکھے ہیں،ان کے علاوہ کسی اور نے شذرات نہیں لکھے ہیں۔

عام طور پر شذرات تین صفحات پر مشتمل ہوتے تھے لیکن ضرورت اور موضوع کی اہمیت کے پیش نظر ان صفحات میں اضافہ بھی کر دیا جاتا تھا۔عام طور پر جب بھی شذرات کے صفحات میں اضافہ کیا گیا ہے اسے ۴/۱،۴/۲......الخ کی شکل میں ظاہر کیا گیا ہے لیکن کبھی کبھی شذرات کے لیے مختص صفحات میں تسلسل کے ساتھ اضافہ کیا گیا ہے جیسے مولانا سید ابوالحسن علی ندوی اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کی وفات پر لکھے جانے والے شذرات کے صفحات میں تسلسل پایا جاتا ہے۔

عام طور سے شذرات بغیر کسی عنوان کے لکھے گئے ہیں۔تاہم بعض شذرات کے عناوین فہرست مضامین میں مذکور ہیں ایسے عناوین والے شذرات میں ''اسلامی ہند کی مکمل تاریخ''(دسمبر ۱۹۳۴ء)،''رجوع واعتراف''(جنوری ۱۹۴۳ء)اور''موحدون کی عید''(فروری ۱۹۳۲ء) وغیرہ شامل ہیں۔ان کے علاوہ کبھی کبھی کسی اہم شخصیت کی وفات پر لکھے جانے والے شذرات کا عنوان بھی فہرست مضامین میں بھی درج کر دیا جاتا ہے لیکن عام طور سے شخصیات کی وفات پر لکھے جانے والے شذرات کا عنوان فہرست مضامین کے بجائے اندورنی صفحات پر درج کیا جاتا رہا ہے۔

شذرات کے ضمن میں اس بات کی وضاحت بھی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ معارف کے ابتدائی چند سالوں کی فہرست مقالات میں میں مضمون نگاران کا نام مندرج نہیں ہوتا تھا لہٰذا شذرات کے کالم پر بھی چند شماروں کو چھوڑ کر کسی کا نام مذکور نہیں ہے لیکن چونکہ ''شذارت

سلیمانی'' حصۂ اول میں انھیں سید سلیمان ندوی کے رشحات قلم ہی قرار دیا گیا ہے لہذا ''شذرات سلیمانی'' کا اعتبار کرتے ہوئے ان شذرات کو سید سلیمان ندوی کے نام سے نقل کر دیا گیا۔ تاہم اپریل ۱۹۱۹ء تا ستمبر ۱۹۲۰ء کے شماروں پر نہ ہی شذرات لکھنے والے کا نام مذکور ہے اور نہ ہی وہ ''شذرات سلیمانی'' میں شامل ہیں لہذا مجبوراً ان شذرات کے آگے کسی کے نام کی وضاحت نہ کرتے ہوئے صرف ''-'' لگا دیا گیا ہے حالانکہ بعض شذرات کے متعلق راقم کو یقین کامل ہے کہ وہ سید صاحب نے ہی لکھے ہوں گے جیسے فروری ۱۹۲۰ء کے شمارہ کے شذرات کہ اس شمارہ کے آخری شذرہ میں وفد خلافت کے ساتھ انگلستان جانے کا ذکر کیا گیا ہے۔

اپریل ۱۹۱۹ء تا ستمبر ۱۹۲۰ء کے شذرات کس نے لکھے ہیں؟ یہ ایک غور طلب بات ہے۔ جس پر ارباب دارالمصنفین کو کسی حتمی فیصلہ تک پہنچ جانا چاہیے تا کہ آئندہ چل کر کسی قسم کا التباس باقی نہ رہ سکے۔

مترجمات: مترجمات کی ابتداء یوں تو نومبر ۱۹۱۷ء سے ہوتی ہے لیکن وہ ''مترجمات'' کی سرخی کے تحت مذکور نہیں ہیں۔ اس عنوان کے تحت مضامین کے تراجم اگست ۱۹۱۹ء سے شائع ہونے شروع ہوئے تھے اور یہ سلسلہ ۱۹۲۴ء تک چلتا رہا۔ اس کے بعد یہ کالم تو بند ہو گیا لیکن عنوان کے بغیر مقالات کے تراجم آج بھی وقتاً فوقتاً شائع ہوتے رہتے ہیں۔

معارف کی ڈاک: اس عنوان کے تحت معارف کے مدیر کے نام لکھے گئے وہ خطوط شائع کیے جاتے ہیں جن میں کسی علمی مسئلہ کی وضاحت کی جاتی ہے، معارف میں شائع شدہ مقالات و مضامین کے متعلق اظہار خیال کیا جاتا ہے یا معارف کے تعلق سے کچھ باتیں گوش گذار کی جاتی ہیں۔ یہ خطوط کبھی معارف کی ڈاک کے عنوان کے تحت شائع کیے جاتے ہیں تو کبھی بغیر وضاحت کے کسی مستقل عنوان کے تحت نقل کیے جاتے ہیں جیسے وحید احمد کا مکتوب ''طنز لطیف''، محمد معزالدین کا خط ''مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی کی یاد میں'' اور وارث ریاضی کا خط ''علی گڑھ کا اقلیتی کردار......'' کے عنوان کے تحت شائع ہوئے ہیں۔

اس مستقل عنوان کے تحت آج بھی خطوط شائع کیے جاتے ہیں تاہم ہر شمارے میں یہ عنوان موجود نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی اس کے لیے صفحات کی تعداد مقرر کی گئی ہے۔ حسب ضرورت اس مستقل عنوان کے صفحات میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔

معارف کی ڈاک کے مستقل عناوین کے تحت شائع ہونے والے خطوط کے طریقۂ اشاعت میں یکسانیت نہیں پائی جاتی ہے کہ کبھی ''معارف کی ڈاک'' کے تحت صرف مکتوب نگاران کا نام ہوتا ہے تو کبھی مکتوب کے مقام کے ساتھ مکتوب نگار کا بھی ذکر ہوتا ہے تو کبھی ''معارف کی ڈاک'' کے عنوان کا ذکر کیے بغیر صرف ''مکتوب'' یا ''مکتوب فلاں'' مذکور ہوتا ہے۔

''معارف کے ڈاک'' کا مستقل کالم کب سے شروع ہوا اس کے بارے میں کچھ کہنا مشکل ہے کہ بہت سارے خطوط مذکورہ عنوان کے بغیر شائع ہوئے ہیں۔ جولائی ۱۹۸۵ء سے اس عنوان کے تحت مکاتیب شائع ہونے لگے تھے۔

مطبوعات جدیدہ: اس عنوان کے تحت زیادہ تر منظر عام پر آنے والی جدید کتب کا مختصر تعارف کرایا جاتا ہے تو کبھی کبھار رسائل و جرائد اور ان کے خصوصی شماروں پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ معارف کا یہ واحد مخصوص کالم ہے جس کی اشاعت میں اس کے تمام مستقل عناوین کے مقابلہ میں سب سے کم ناغے ہوئے ہیں۔ غالباً دو چار شمارے ہی ایسے ہوں گے جن میں یہ مستقل موضوع شائع نہیں ہوا ہے۔ عام طور پر اس

کے لیے معارف کے آخری چار صفحات مختص تھے تاہم ضرورت کے پیش نظر ان صفحات میں کمی بیشی ہوتی رہی ہے۔

وفیات: مشاہیر کی وفات پر معارف کے شذرات میں ابتداء ہی سے ان کا ذکر خیر کیا جاتا رہا ہے۔ شذرات میں مشاہیر کی وفیات ذکر کرنے کا سبب مولانا سید سلیمان ندویؒ نے نومبر ۱۹۴۲ء کے اولین شذرہ میں ان الفاظ میں کیا ہے: ''ان صفحات میں اُن مرحوموں کا ذکر اس لئے ہوتا ہے کہ ہماری آئندہ نسلوں کو اپنے پچھلے کے نامِ نیک کی خبر رہے۔ اسلامی تاریخ کا ایک بڑا اہم کارنامہ وفیات یعنی ہزاروں لاکھوں بزرگوں، فاضلوں، ادیبوں اور ممتاز لوگوں کی وفات کی تاریخ کا تعین ہے۔ تاریخ کی اس صنف پر بہت سی کتابیں مدون ہوئیں، کیا عجب ہے کہ شذرات کا یہ حصہ ایک دن اس عہد کی وفیات کے اوراق بنجائیں''۔

وفیات کے مستقل کالم سے پہلے مشاہیر کی وفیات کا ذکر شذرات میں ہی کیا جاتا تھا۔ یہ سلسلہ مئی ۱۹۴۳ء تک چلتا رہا کہ اس مستقل کالم کی ابتداء ڈاکٹر عبداللہ چغتائی (دکن کالج، پونہ) کے مشورہ پر جون ۱۹۴۳ء میں ہوئی تھی۔ اس کالم کی ابتداء کرنے کا سبب علامہ سید سلیمان ندوی علیہ الرحمہ نے جون ۱۹۴۳ء کے شذرات میں صفحہ ۴۰۳ پر ان الفاظ میں بیان کیا ہے: ''ہمارے دوست ایک اور مشورہ دیتے ہیں'' آپ بعض اوقات کسی عالم کی موت کا ذکر اپنے سحر بھرے الفاظ میں کر جاتے ہیں جنکو پڑھ کر آنکھیں آبدیدہ ہوجاتی ہیں، اگر آپ مستند یورپی رسائل کی طرح ایک الگ موضوع وفات بنالیں تو اچھا ہے'' یہ مشورہ پسند آیا اور اسی پرچہ سے اسکی پیروی بھی شروع کردی گئی ہے اور اس کا عنوان وفیات قرار دیا گیا ہے''۔

اس کالم کے تحت ہند و بیرون ہند کی اہم علمی و ادبی و سماجی شخصیات کی وفات پر ان کا ذکر کیا جاتا ہے۔ وفیات کے کالم اور شذرات میں شامل وفیات پر سرسری نظر ڈالنے سے راقم اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ جب تک وفیات کا کالم مخصوص نہیں ہوا تھا اس وقت تک اہم شخصیت کی وفات پر شذرات میں ان کے حالات زندگی اور کارنامے بیان کیے جاتے تھے اور جب وفیات کا کالم مختص ہوگیا تو اس کے تحت اہم شخصیات کے نثری مرثیے لکھے جانے لگے لیکن شذرات میں وفیات کا ذکر آج بھی گاہے بگاہے ہوتا رہتا ہے۔

وفیات کی ان دونوں قسموں میں بظاہر یہ فرق محسوس ہوتا ہے کہ شذرات میں شخصیت کے مقام و مرتبہ کے مطابق ایک شذرہ یا دو شذرہ یا اس سے زائد شذروں میں اس کا ذکر کیا جاتا تھا اور وفیات کے مستقل کالم میں شخصیات کا ذکر کسی قدر تفصیل سے کیا جاتا ہے اور شخصیت کے اعتبار سے صفحات کی تعداد میں شذروں کی تعداد کی طرح کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔

یہاں اس بات کی وضاحت مناسب معلوم ہوتی ہے کہ بعض شخصیات ایسی ہیں جن کا ذکر پورے شذرات پر محیط ہے جیسے علامہ محمد اقبال، علامہ سید سلیمان ندوی، مولانا ابوالکلام آزاد، مولانا عبدالسلام ندوی، مولانا شاہ معین الدین ندوی، سید صباح الدین عبدالرحمٰن، مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی، ڈاکٹر محمد حمیداللہ، مولانا ضیاء الدین اصلاحی اور پروفیسر اسرار احمد وغیرہم کا ذکر پورے شذرات پر محیط ہے۔ یہی نہیں بلکہ ان میں سے بعض شخصیات کا ذکر شذرات کے مقررشدہ صفحات سے کہیں زائد صفحات میں کیا گیا ہے۔

اسی طرح اس بات کی وضاحت بھی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ بعض شخصیات ایسی ہیں جن کا ذکر شذرات کے ساتھ ساتھ وفیات میں بھی کیا گیا ہے تاہم ایسی شخصیات کی تعداد کم ہے۔ اس کی نوبت غالباً اس وقت پیش آئی ہے جب شذرات مکمل ہو چکے ہوتے تھے اور کسی اہم

شخصیت کی وفات ہوجاتی تھی تو اس کا ذکر شذرات میں کرتے ہوئے تفصیلی مضمون وفیات کے تحت لکھا جاتا تھا۔

عام طور سے وفیات کے تحت نثری مرثیہ شائع کیا جاتا ہے تاہم بسا اوقات منظوم مرثیہ بھی اس کالم کے تحت نقل کیا گیا ہے جیسے مولانا اشرف علی تھانوی علیہ الرحمہ کی وفات پر ''سفیر غیب'' کے نام سے ابوالاسرار رمزی صاحب کا منظوم مرثیہ وفیات کے کالم میں نقل گیا ہے۔اسی طرح اکتوبر ۱۹۴۳ء اور اپریل ۱۹۵۱ء کے شماروں میں مولانا ظفر احمد عثمانی کے دو عربی مرثیے بھی شائع ہوئے ہیں۔اول الذکر مرثیہ مولانا اشرف علی تھانوی علیہ الرحمہ کا ہے جب کہ مؤخر الذکر مرثیہ شاعر نے اپنی اہلیہ کی وفات پر کہا تھا۔

اس مستقل عنوان کے تحت آج بھی اہم شخصیات کے حیات وکارناموں پر روشنی ڈالی جاتی ہے تاہم ہر شمارے میں یہ عنوان موجود نہیں ہوتا ہے اور نہ ہی اس کے لیے صفحات کی تعداد مقرر کی گئی ہے۔حسب ضرورت اس مستقل عنوان کے صفحات میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔

معارف کے مذکورہ بالا عناوین کے علاوہ بعض دیگر مستقل عناوین جیسے اخبار وسیر، باب التربیۃ والتعلیم، مباحث حاضرہ اور مسائل و فتاوی کے تحت بھی بعض مباحث منظر عام پر آتے رہے ہیں لیکن ان عنوانات کے تحت بہت ہی کم چیزیں شائع ہوئی ہیں اسی لیے ان کا ذکر الگ سے نہیں کیا گیا ہے۔

عصر حاضر میں اشاریہ سازی نے ایک علم کا رتبہ حاصل کرلیا ہے۔مختلف موضوعات پر مشتمل کتب کے اشاریے منظر عام پر آچکے ہیں۔ لیکن غالباً رسائل نے اس علم کو پروان چڑھانے اور ایک مقام ومرتبہ سے نوازنے میں سب سے زیادہ اہم کردار ادا کیا ہے کہ مختلف مشہور و غیر مشہور، چھوٹے بڑے رسائل کے اشاریہ منظر عام پر آچکے ہیں۔ جناب سید مسعود حسن (اسسٹنٹ لائبریرین خدابخش لائبریری پٹنہ) کے سروے کے مطابق ۳۶ رسالوں کے اشاریے کتابی شکل میں منظر عام پر آچکے ہیں جب کہ تمام مطبوعہ وغیر مطبوعہ اشاریوں کی تعداد ۱۴۷ تک پہنچ جاتی ہے۔لیکن غالباً معارف کے طویل ترین سلسلہ اشاعت کی وجہ سے کسی نے اب تک معارف کا مکمل اشاریہ تیار نہیں کیا ہے۔

یہاں اس بات کی طرف اشارہ کرنا زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ معارف کی اولیات میں سے یہ بات بھی شامل ہے کہ اس نے اپنی تیسری جلد کے اختتام پر اس کے مشتملات کی فہرست مرتب کرنے کا جو سلسلہ شروع کیا تھا وہ اب تک جاری وساری ہے کہ ہر جلد کے اختتام پر اس میں شائع ہونے والے تمام مقالات اور مقالہ نگاران کی فہرست باعتبار حروف تہجی شامل کردی جاتی ہے۔

معارف کے اشاریہ کی ضرورت کی طرف - میری معلومات کی حد تک - سب سے پہلے جناب پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی، شعبہ اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، نے توجہ دلائی اور راقم نہ جانے کس خواب وخیال میں تھا اس کے اشاریہ کو مرتب کرنے کا ارادہ کرلیا۔ غالباً ذہن میں یہ تھا کہ صاحب کتاب بننے کا یہ آسان ترین نسخہ ہے جس پر عمل پیرا ہوکر میں مصنفین کے زمرہ میں شامل ہوجاؤں گا اور یوسف کے خریداروں کی فہرست میں میرا نام بھی شامل ہوجائے گا اور قسمت میری اس سادہ لوحی پر مسکرا رہی تھی کہ میں نے کون سا بار گراں اٹھا لیا ہے اور مجھے اس ضمن میں کن دشوار گذار مراحل سے گذرنا پڑے گا۔

حکیم دانا کا قول ہے کہ میں نے اپنے رب کو اپنے ارادوں کے ٹوٹنے سے پہچانا۔ یہ مقولہ مجھ پر بعینہ صادق آتا ہے کہ میں نے بارہا موجودہ اشاریہ کو مکمل کرنا چاہا لیکن ہر مرتبہ اپنے اس ارادہ میں ناکام رہا کہ کوئی نہ کوئی رکاوٹ پیش آتی رہی اور اس بات پر میرا یقین پختہ سے پختہ تر ہوتا رہا کہ باری تعالی نے ہر چیز کے لیے ایک وقت مقرر کیا ہے جس میں کسی قسم کی تبدیلی ممکن نہیں۔

اس اشاریہ کی ترتیب کی ایک لمبی داستان ہے کہ جولائی ۱۹۹۵ء کے شمارہ میں پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی صاحب کا ایک خط چھپا جس میں اس بات کی طرف توجہ دلائی گئی کہ معارف جیسے رسالہ کا اشاریہ مرتب کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اس وقت میں اپنے ایم فل کے مقالہ کی تکمیل میں مصروف تھا۔ معارف کے اوراق پلٹتے ہوئے اتفاق سے اس خط پر نظر پڑ گئی تو مجھے لگا کہ کسی رسالہ کا اشاریہ مرتب کرنا بہت ہی آسان کام ہے اور صاحب کتاب بننے کا سہل ترین نسخہ بھی۔ یہ بات ذہن میں بیٹھ گئی تو میں نے اشاریہ کو مرتب کرنے کا ارداہ پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی صاحب کے سامنے ظاہر کیا تو انھوں نے میری ہمت افزائی کرتے ہوئے اس کام کو شروع کرنے کو کہا۔ کارڈس کو تیار کرنے میں، میں نے اپنے بعض دوستوں اور متعلقین کو بھی شامل کرلیا تھا جن کی مدد وتعاون کے نتیجہ میں، میں نے صرف چھ مہینے کے اندر جون ۱۹۹۶ء تک کے شماروں کے کارڈس بنا لیے۔ دوسرے مرحلہ میں بھی بھائی مرحوم اور دیگر متعلقین کا تعاون حاصل رہا اور اشاریہ کا پہلا مسودہ تیار ہوگیا اور میں نے اسے اس وقت کے مدیر معارف جناب مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب علیہ الرحمہ کی خدمت میں پیش کردیا۔ کچھ عرصہ گزرنے کے بعد انھوں نے ایک ملاقات میں اس بات کی خواہش ظاہر کی کہ اگر یہ ۲۰۰۰ء تک کے شماروں پر مشتمل ہوتا تو زیادہ بہتر ہوتا۔ غالباً وہ کوئی نیک ساعت تھی کہ مولانائے مرحوم کی یہ عرضداشت بارگاہ الٰہی میں قبول ہوگئی۔ میں سمجھتا ہوں کہ مولانائے مرحوم کی یہ خواہش میرے حق میں زیادہ بہتر ثابت ہوئی کہ میں معارف کا یہ اشاریہ زیادہ بہتر شکل میں آپ حضرات کے سامنے پیش کرنے کے قابل ہوسکا کہ اگر مولانائے مرحوم اس کو بعینہ شائع کر دیتے تو اس میں بہت ہی زیادہ تکنیکی خامیاں باقی رہ جاتیں اور غالباً وہ بہت زیادہ کارآمد بھی ثابت نہ ہوتا اور دارالمصنفین جیسے ادارہ کے لیے ایک سوالیہ نشان بن کر رہ جاتا کہ اس قدر ناقص اشاریہ دارالمصنفین جیسے ادارہ سے منظر عام پر آیا ہے۔

اشاعت میں ہونے والی تاخیر سے ہونے والے فائدہ کے باوجود مجھے اس بات کا اعتراف کرنے میں کوئی عار اور شرم محسوس نہیں ہوتی کہ اشاریہ کو مکمل کرنے میں مجھ سے بہت ہی زیادہ تاخیر ہوگئی جس میں میری کوتاہیوں کا سب سے زیادہ دخل ہے تاہم اس دوران میں کچھ ایسے ذاتی حادثات سے بھی دوچار ہوتا رہا جس نے مجھے ایک عرصہ تک کسی کام کا نہیں چھوڑا تھا۔ ان حادثات میں سب سے اہم حادثہ میرے بڑے بھائی جناب جاوید احمد جعفری کی اچانک ہونے والی وفات کا تھا انا للہ وانا الیہ راجعون کہ اس صدمہ کو میں آج تک نہیں بھلا سکا ہوں بلکہ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وقت گذرنے کے ساتھ ساتھ یہ زخم ہرا ہی ہوتا جارہا ہے۔ ان کی یادیں ہر وقت مجھے اپنے گھیرے میں لیے رہتی ہیں۔

معارف کے اشاریہ کی تکمیل واشاعت میں ہونے والی تاخیر کے نتیجہ میں وہ نقصان ہوگیا جس کا مجھے اور دیگر حضرات کو دور دور تک اندیشہ بھی نہیں تھا اور نہ ہی اس کی تلافی کی اب کوئی شکل باقی رہ گئی کہ اس اشاریہ کی تکمیل کے سب سے زیادہ خواہش مند جناب مولانا ضیاء الدین اصلاحیؒ ایک سڑک حادثہ میں جاں بحق ہوگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ قضاوقدر کے فیصلوں سے پرے مجھے تاحیات اس بات کا افسوس رہے گا کہ میں صرف اپنی عدم توجہی کی بنا پر مولانا مرحوم کی زندگی میں اس کی تکمیل نہ کرسکا اور وہ ان کی زندگی میں منظر عام پر نہ آسکا۔ مولانا مرحوم کے علاوہ اس اشاریہ کی اشاعت کے بارے میں بار بار استفسار کرنے والے اور اسے جلد از جلد منظر عام پر لانے کے لیے اصرار کرنے والی چند دوسری شخصیات کا بھی اس دوران انتقال ہوگیا۔ ان حضرات میں میرے بڑے بھائی جاوید احمد جعفری مرحوم کے علاوہ جناب پروفیسر ڈاکٹر مختار الدین احمد صاحب مرحوم اور جناب ڈاکٹر محمد ضیاء الدین انصاری صاحب مرحوم، سابق ڈائریکٹر خدا بخش لائبریری،

پٹنہ شامل ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کی مغفرت فرمائے اور انھیں کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔

اشاریہ کس طرز پر مرتب کیا جائے اس کی ایک الگ کہانی ہے جس میں وقت کے ساتھ ساتھ مختلف النوع تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں۔ راقم کا شروع سے ہی ارادہ تھا کہ معارف کا اشاریہ باعتبار مضامین، باعتبار مضمون نگاران اور باعتبار موضوعات مرتب کیا جائے اور ہر جگہ معلومات کا مکمل اندراج ہو کہ معارف اس لحاظ سے دیگر رسائل سے ممتاز اور منفرد ہے کہ اپنی اشاعت کے روز اول سے آج تک اس کی اشاعت میں کبھی بھی کوئی عرصہ ایسا نہیں گذرا ہے جس میں وہ منظر عام پر نہ آیا ہو۔ اشاعت کے اس طویل عرصہ کے نتیجہ میں مضمون نگاران خاص طور پر مدیران معارف اور رفقائے دارالمصنفین کے مضامین بہت زیادہ کثرت سے شائع ہوئے کہ اگر اشاریہ میں آج کل کے سب سے مروجہ طریقہ کا استعمال۔ مضمون نگاران/موضوعات کا نمبر مقرر کرنا۔ کیا جاتا تو قاری کو بہت زیادہ زحمت پیش آتی کہ اسے کسی خاص مضمون نگار کے مضامین کی تلاش میں بہت زیادہ اوراق الٹنے پڑتے مثلاً اگر کسی کو سید سلیمان ندوی صاحب کے مضامین کو ایک ساتھ دیکھنا ہوتا تو اس کو کم از کم سو مرتبہ اشاریہ کے مختلف اوراق الٹنے پڑتے۔ تقریباً یہی صورت حال موضوعات کے حصہ کی بھی ہوتی اس لیے راقم کو زیادہ مناسب یہ معلوم ہوا کہ مضمون نگاران اور موضوعات کے تمام مندرجات کا اندراج مکمل طور پر کر دیا جائے کہ اشاریہ کا مقصد قاری کو زیادہ سے زیادہ آسانی فراہم کرنا ہے۔ اس طریقہ کار کو استعمال کرنے میں صرف یہ قباحت ہے کہ صفحات کی مجموعی تعداد میں بہت زیادہ اضافہ ہو جاتا ہے لیکن قاری کی سہولت کی خاطر ان صفحات کا اضافہ کرنا زیادہ مناسب معلوم ہوا۔

صفحات کی تعداد کو کم کرنے کی خاطر ترتیب کے اولین مرحلہ میں، میں نے معارف کے مستقل کالم جیسے اخبار علمیہ، شذرات، مطبوعات جدیدہ اور معارف کی ڈاک کو صرف موضوعاتی فہرست میں رکھنے کا فیصلہ کیا تھا۔ مزید یہ سوچا تھا کہ اخبار علمیہ، شذرات اور مطبوعات جدیدہ لکھنے والوں کا ذکر صرف اپنے مقدمہ میں کر دوں گا تا کہ قاری کو اس بات کا اندازہ ہو سکے کہ کس نے کب سے کب تک مذکورہ کالم کو مرتب کیا ہے۔ لیکن بعد یہ احساس ہوا کہ یہ طریقۂ کار زیادہ مناسب نہیں ہوگا لہذا تمام مستقل کالم کا اضافہ مکمل اندراجات کے ساتھ فہرست باعتبار مضامین میں شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا تا کہ قاری کو معارف کے حوالہ سے تمام معلومات یکجا ہو سکے۔

شروع میں ادبیات کے کالم کو صرف موضوعاتی فہرست میں رکھنے کا ارادہ تھا لہذا ادبیات کو فہرست باعتبار مضامین والی فہرست میں شامل نہیں کیا گیا تھا لیکن بعد میں غور و فکر کرنے کے بعد یہ مناسب معلوم ہوا کہ معارف میں شائع ہونے والے ہر عنوان کو فہرست باعتبار عنوان مضامین میں شامل کر دیا جائے کہ اگر قاری کو دیگر جلدیں دستیاب نہ ہوں تو بھی وہ معارف میں شائع ہونے والے ہر مضمون سے واقف ہو سکے۔ مقالات اور ادبیات کے تحت شائع ہونے والے مواد کے درمیان فرق کرنے کے لیے ادبیات کے ہر اس حصہ کے سامنے مربعین ''[ ]'' میں منظوم لکھ دیا گیا جو کسی عنوان کے تحت شائع ہوا تھا مثلاً ''(حضرت) عائشہ صدیقہ [منظوم]''۔

پہلی مرتبہ جب میں نے فہرست باعتبار مضامین کو مرتب کیا تو اس میں مضمون کے پہلے لفظ کا اعتبار کیا گیا تھا اور وہی اشاریہ مولانا مرحوم کی خدمت میں پیش بھی کیا گیا تھا لیکن جب ان کی خواہش کے احترام میں اس میں اضافہ کیا جانے لگا تو وہ اشاریہ بہت زیادہ کارآمد نہیں معلوم ہوا کہ ایک شخصیت کا ذکر مختلف جگہوں پر منتشر ہو گیا تھا اور قاری کے لیے ایک شخصیت سے متعلق مضامین کا استیعاب مشکل ہو گیا تھا۔ اس

مشکل پر قابو پانے کے لیے مختلف قسم کے قوسین کا استعمال کیا گیا لیکن اس سے بھی مشکل تمام ہوتی نظر نہیں آئی۔ مزید برآں اس میں یہ خرابی پیدا ہوئی کہ وہ دیکھنے میں بھی بدنما لگ رہا تھا کہ ایک ہی عنوان کے اندر کئی قسم کے قوسین نظر آتے تھے جو قاری کے نفیس ذوق خاطر پر بار گزرتے۔ لہٰذا نظر ثانی کے وقت شخصیات سے متعلق مضامین میں موضوع کے لواحق جیسے امام، امام العصر، امیر، پروفیسر، پنڈت، پیر، جناب، چودھری، حافظ، حضرت، حضرت مولانا، حکیم، خواجہ، ڈاکٹر، رائے، سر، سید، شہزادی، شیخ، شیخ الاسلام، علامہ، فقیہ، قاضی، ماسٹر، ملا، منشی، مولانا، میر، نواب اور ان جیسے دیگر الفاظ کا اعتبار نہ کرتے ہوئے شخصیت کے اصل نام کے اعتبار سے اشاریہ مرتب کیا گیا ہے جیسے حضرت مولانا سید سلیمان ندوی کا ذکر ''سلیمان'' کے تحت کیا گیا ہے۔ مذکورہ بالا لاحقات میں سے امیر، پرنس، پنڈت، پیر، حافظ، حکیم، خواجہ، سر، سلطان، سید، شاہ، شہزادی، شیخ، قاضی، ماسٹر، منشی، میر، نواب جیسے الفاظ سے شروع ہونے والے مضامین کے ابتدائی الفاظ کا اعتبار کرتے ہوئے انھیں ان کے اصل مقام پر بھی بطور حوالہ نقل کر دیا گیا ہے۔ شیخ سے شروع ہونے والے صرف انہی مندرجات کا حوالہ دیا گیا ہے جو نام کا حصہ ہو سکتے ہیں جیسے شیخ عبدالقادر، شیخ عبداللہ اور ان مندرجات کو نقل نہیں کیا گیا ہے جن میں 'شیخ' بطور احترام کے لگایا گیا ہے جیسے شیخ عبدالحق محدث دہلوی۔ لیکن وہ مضامین جو پروفیسر، جناب، حضرت، حضرت مولانا، ڈاکٹر، شیخ الاسلام، شیخ الشیوخ، علامہ، مولانا وغیرہ سے شروع ہو رہے ہیں ان کا ذکر بطور حوالہ بھی نہیں کیا گیا کہ ان الفاظ کے تحت بہت سارے اندراجات بڑھ جاتے۔ مزید یہ کہ مذکورہ الفاظ کسی طرح بھی نام کا جزء یا پہچان نہیں بن سکتے ہیں۔ تاہم بعض اندراجات ایسے ہیں جنھیں جوں کا توں نقل کیا گیا ہے کہ مضمون میں ان کے اصل نام کا ذکر ہی نہیں کیا گیا ہے جیسے رموزی اور نواب چھتاری کا ذکر رموزی اور نواب چھتاری میں کیا گیا ہے کہ عنوان صرف اتنا ہی مذکور ہے۔

اسی طرح جن شخصیات کا ذکر ان کے القاب کے ساتھ کیا گیا ہے ان کا اندراج ان کے القاب کے بجائے ان کے اصل نام کے مطابق کیا گیا ہے جیسے نظام الملک آصف جاہ اول اور نواب امیر الملک آصف الدولہ کا ذکر آصف جاہ اول اور آصف الدولہ کے اعتبار سے کیا گیا ہے۔ ان جیسے القاب میں شمس العلماء، عمید الدین، عمید الملک، ملک الشعراء، وغیرہ بھی ہیں۔ تاہم ان کا ذکر باعتبار حروف تہجی اصل مقام پر بطور حوالہ کے کر دیا گیا ہے۔

مذکورہ بالا قاعدہ سے امام الحرمین عبدالملک جوینی، امیر خسرو، سر سید اور شیخ الرئیس کے مندرجات کو مستثنیٰ رکھا گیا ہے اور انھیں امام الحرمین، امیر، سر سید اور شیخ الرئیس کے تحت ہی نقل کیا گیا ہے کہ یہ سارے القاب عبدالملک جوینی، خسرو، احمد خان اور ابن سینا/بوعلی سینا، کے نام کا جز بن گئے ہیں۔

اسی طرح جن مضامین میں شخصیت کا صرف لقب دیا گیا ہے اور نام مذکور نہیں ہے ان مضامین کو القاب کے اعتبار سے ہی نقل کیا گیا ہے جیسے حکیم الامت سے شروع ہونے والے مضامین کو مولانا اشرف علی تھانوی کی بجائے حکیم الامت کے تحت ہی نقل کیا گیا ہے اور اشرف علی تھانوی کے مندرجات میں اس کا ذکر ''مزید دیکھئے'' کے تحت کر دیا گیا ہے۔ غلام علی آزاد بلگرامی کو آزاد کے تحت، خانخاناں عبدالرحیم کو خانخاناں کے تحت اور عماد الملک سید حسین بلگرامی کو عماد الملک کے تحت ہی نقل کیا گیا ہے کہ ان سے متعلق کسی بھی مضمون میں ان کا اصل نام مذکور نہیں ہے۔

بیگم سے شروع ہونے والے مندرجات کو بیگم ہی کے تحت نقل کیا گیا ہے کہ وہ ان کے نام کا جز بن گئے ہیں۔

اسی طرح ایک ہی شخصیت کے متعلق مضامین اگر دوسرے عناوین کے تحت شائع ہوئے ہیں تو ان کا حوالہ شخصیت کے اصل نام سے شروع ہونے والے مضامین کے بعد ''مزید دیکھئے'' کے ذریعہ دیا گیا ہے۔

شخصیات کے علاوہ بعض مضامین، معارف میں ایسے شائع ہوتے رہے ہیں جن کا اصل عنوان درمیان میں آتا تھالہذا پہلی ترتیب میں اصل عنوان کا اعتبار کرتے ہوئے اس کے ملحقات کو قوسین میں شامل کر دیا گیا تھا لیکن بعد میں یہ خیال آیا کہ قاری کے ذہن میں مضمون کا وہی عنوان ہوگا جس کے تحت وہ شائع ہوا تھالہذا نظر ثانی کے وقت مضمون کے اصل عنوان کا اعتبار کرتے ہوئے اسے اس کے صحیح مقام پر رکھا گیا اوران کا حوالہ اصل عنوان کے بعد ''مزید دیکھئے'' میں دے دیا گیا ہے۔

اگر ایک ہی موضوع سے متعلق مضامین دیگر عناوین کے تحت شائع ہوئے ہیں تو ان کا حوالہ ''مزید دیکھئے'' کے ذریعہ دیا گیا ہے اورحتی الامکان اس بات کی کوشش کی گئی ہے کہ ایک موضوع سے متعلق تمام مندرجات کو یکجا کر دیا جائے تاہم اس سے انکارنہیں کیا جاسکتا ہے کہ چند مندرجات 'مزید دیکھئے' کے تحت درج ہونے سے رہ گئے ہوں۔

''مزید دیکھئے'' کا اندراج عام طور پراس جگہ کیا گیا ہے جہاں قاری آسانی سے پہنچ سکتا ہے، جیسے مولانا اشرف علی تھانوی کے بعد ''مزید دیکھئے=حکیم الامت،سفیر غیب،مجدد ملت......،موت العالم......وغیرہ''۔

''مزید دیکھئے'' کا تعلق اگر شخصیات کے علاوہ کسی اور موضوع جیسے اردوزبان وادب،عربی زبان وادب وغیرہ سے ہے تو ان مقامات پر اردوزبان وادب،عربی زبان وادب وغیرہ سے متعلق شخصیات کوشامل نہیں کیا گیا ہے کہ قاری ان شخصیات کے نام کے ذریعہ ان پر لکھے گئے مقالات تک رسائی حاصل کرسکتا ہے جیسے ابوالعتاہیہ،شوقی،شوقی ضیف اورعقاد وغیرہ کا ذکر عربی زبان وادب کے ''مزید دیکھئے'' کے تحت نہیں کیا گیا ہے۔

اسی طرح معارف کے بعض قسط وار مضامین مختلف عناوین کے تحت شائع ہوتے رہے ہیں لہذا جب انھیں الفبائی اعتبار سے مرتب کیا گیا تو وہ سلسلہ وار مضامین بھی ادھر ادھر منتشر ہو گئے اس غلطی کا احساس اس وقت ہوا جب میں نے مرتب کردہ اولین اشاریہ کو معارف کے مضامین سے ملانا شروع کیالہذا قسط وار مضامین کو یکجا کر دیا گیااور قاری کی سہولت کی خاطر قوسین میں وہ عنوان بھی نقل کر دیا ہے،جس کے تحت وہ شائع ہوا تھا جیسے ''سفر افغانستان'' کی اولین پانچ قسطیں اسی عنوان سے شائع ہوئی ہیں جب کہ باقی ماندہ چھ قسطیں بالترتیب غزنین کا سفر،مقر قلات غلزی ......، قندھار،قلعۂ جدید وچمن،کوئٹہ اور ملتان اور ملتان سے لکھنؤ کے عنوان سے شائع ہوئی ہیں۔لہذا ان تمام مضامین کو ''سفر افغانستان'' کے تحت سلسلہ وار درج کیا گیا ہے اور جو قسطیں دوسرے عناوین سے شائع ہوئی ہیں ان کا قوسین میں ذکر کر دیا گیا ہے۔

فہرست باعتبار مضامین میں مذکورہ بالا امور کے علاوہ دوسرے تغیرات بھی وقتاً فوقتاً ہوتے رہے جس کے نتیجہ میں اس کی ترتیب بھی بدلتی رہی اور آخرکار موجودہ شکل میں آپ حضرات کے سامنے پیش کرتے ہوئے یہ فیصلہ آپ حضرات پر چھوڑ دیا ہے کہ میں اپنی کوشش میں کس قدر کامیاب رہااور میرا نقطہ نظر کس قدر مناسب ہے؟

یہ اشاریہ انشاء اللہ تین جلدوں پر مشتمل ہوگا۔پہلی جلد مضامین باعتبار حروف تہجی پر مشتمل ہے۔دوسری جلد مضمون نگاران کا احاطہ

کرتی ہے۔ یہ جلد بھی الفبائی ترتیب کے مطابق تیار کی گئی ہے اور تیسری جلد میں مضامین کو باعتبار موضوعات مرتب کیا گیا ہے۔

اشاریہ کی تکمیل پر میں سب سے پہلے باری تعالی کے حضور نذرانہ عقیدت پیش کرتا ہوں کہ محض اسی کی توفیق کی وجہ سے میں اس قابل ہوسکا کہ اشاریہ کو مکمل کرسکوں۔ میں اس کے لیے جس قدر بھی شکر ادا کروں کم ہے۔

خدائے بزرگ وبرتر کے بعد میں اپنے والدین، بھائیوں اور عزیز بہن کا شکر گذار ہوں کہ ان کی دعائے نیم شب میری زندگی کا حاصل ہے اور مجھے ہردم تازہ دم رکھتی ہے۔ اللہ ان تمام حضرات کی زندگیوں کو تمام پریشانیوں سے پاک کردے، انھیں صحت وعافیت سے نوازے اور ان کا سایہ تادیر قائم رکھے۔ خصوصا میرے مرحوم بھائی جاوید جعفری نے اس اشاریہ کی تکمیل میں جو کوششیں کی تھیں وہ ناقابل فراموش ہیں۔ اگر وہ باحیات ہوتے تو ان کی خوشی دیدنی ہوتی اور وہ پھولے نہ سماتے اور ہر جگہ اتراتے پھرتے کہ میرے چھوٹے بھائی کی کتاب منظر عام پر آئی ہے۔ اللہ تعالی انھیں ان کے نیک اعمال کی بہترین جزاء سے نوازے، اپنے مقربین بندوں میں انھیں شامل کرے اور انھیں ان کی اپنی ابدی قیام گاہ میں کروٹ کروٹ سکون نصیب کرے۔

معارف کے اشاریہ کی ترتیب کے دوران میں متعدد حضرات کا احسان مند ہو چکا ہوں۔ ان محسنین کی فہرست بہت طویل ہے۔ اشاریہ کو مکمل کرنے میں، میں نے اتنا زیادہ وقت لگا دیا ہے کہ بعض حضرات خاص طور سے ان مستورات اور پردہ نشینوں کے نام بھی ذہن سے محو ہو گئے ہیں جنھوں نے کارڈس بنانے میں میری خاصی مدد کی تھی بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ میں صرف انھیں حضرات وخواتین کی مہربانیوں کے نتیجہ میں چھ مہینے کے دورانیہ میں معارف کے تمام مندرجات کے کارڈس بنانے میں کامیاب ہوا تھا۔ میں ان تمام حضرات کی خدمت میں تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں اور بارگاہ الٰہی میں بدست دعا ہوں کہ انھوں نے جس طرح میری مدد کی تھی اللہ ان کی بھی ہر مرحلہ پر مدد فرمائے اور انھیں جزائے خیر سے نوازے۔

ان بھولی بسری شخصیات کے علاوہ سب سے پہلے میں مولانا ضیاء الدین اصلاحی صاحب کا شکر گذار ہوں کہ انھوں نے مجھے اشاریہ مرتب کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی اور اسے دارالمصنفین کی انتظامیہ سے بطور پروجیکٹ منظور بھی کروالیا۔ وہ یوں بھی بہت مہمان نواز اور ملنسار تھے لیکن معارف کے تعلق سے وہ مجھ پر بہت ہی زیادہ مہربان وشفیق ہو گئے تھے اور میرے مستقبل کے بارے میں بہت زیادہ فکرمند رہتے تھے۔ میری معمولی معمولی سی خدمت کا ذکر ان الفاظ میں کرتے تھے کہ میں اپنے آپ کو اس کا کسی طور پر بھی مستحق نہیں سمجھتا تھا۔ معارف کے اشاریہ کے نمونہ کو شائع کرتے وقت انھوں نے جو کچھ میرے متعلق لکھا ہے وہ میرے لیے سرمایہ افتخار وباعث عزت ہے۔ ہر ملاقات میں مجھے ڈھیر ساری دعاؤں سے نوازتے تھے اور اشاریہ کو مکمل کرنے کی تلقین کرتے تھے۔ وفات سے چند دن پہلے ہونے والی ملاقات میں بھی دیگر موضوعات کے ساتھ ساتھ معارف کا موضوع بھی شامل تھا۔ میں ان کی روح سے تاحیات شرمندہ رہوں گا کہ ان کی خواہش کی تکمیل نہ کرسکا اور ان کی زندگی میں یہ اشاریہ منظر عام پر نہ آسکا۔ اللہ ان کی خدمات کو قبول کرے اور انھیں ان کے اعمال کا بہترین صلہ دے اور انھیں اعلی علیین میں بہترین مقام سے نوازے۔

ان کے بعد میں اس اشاریہ کے نگراں جناب پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی صاحب کا احسان مند ہوں کہ انھوں نے اس اشاریہ کا

نگراں بننا قبول کرلیا۔وہ میری کمیوں کی اصلاح وقتاً فوقتاً کرتے رہے،مشکل مقامات پر میری رہنمائی کرتے رہے۔ان کی مدد اور رہنمائی کے بغیر یہ اشاریہ شاید اتنی بہترین شکل میں سامنے نہیں آپاتا۔انھوں نے اس کے مختلف مسودوں کو حرفاً حرفاً دیکھا ہے اور اس میں پائی جانے والی خامیوں کو دور کیا ہے لیکن ان کی جبیں پر کبھی بھی شکن نہیں آئی۔جناب والا بھی مجھ سے اس کی تکمیل کا ذکر بار بار کرتے رہے اور میں بھی ان سے وعدہ پر وعدہ کرتا رہا اور ان سے شرمندہ ہوتا رہا لیکن وقت موعود سے پہلے میں کیونکر اسے مکمل کرسکتا تھا؟ آخر کار انھوں نے مجھے شرمندگی اور بار بار کی وعدہ خلافی سے بچانے کے لیے کچھ کہنا ہی چھوڑ دیا۔میرے بار بار وعدہ خلافی پر بھی انھوں نے کبھی بھی اپنی ناراضگی کا اظہار نہیں کیا اور مجھے بہت سی زحمتوں اور پریشانیوں سے بچالیا۔اسی دوران پاکستان سے معارف کا ایک اشاریہ شائع بھی ہوگیا لیکن اس کے باوجود بھی مجھ سے کوئی باز پرس نہیں کی اور نہ ہی اپنے رویہ میں کوئی تبدیلی پیدا کی اور مجھے اسی طرح عزیز رکھتے رہے جس طرح ابتدائی تعلقات کے بعد عزیز رکھتے تھے۔اللہ تعالی جناب والا کو ان کی خدمات کا بہترین صلہ دے،ان کے مراتب،عزت وشرف میں اضافہ کرے،ان کا سایہ تادیر ہم پر برقرار رکھے،ان کے فیوض کا چشمہ جاری وساری رکھے کہ ہم جیسے لوگ اس سے سیراب ہوتے رہیں۔

یہ میری خوش قسمتی تھی کہ پاکستانی اشاریہ سے لوگوں کی پیاس نہ بجھ سکی اور وہ معارف کے شایان شان ایک نئے اشاریہ کے منتظر رہے جس کی وجہ سے میری سالوں کی محنت بچ گئی تاہم معارف کے اولین مکمل اشاریہ کے شرف سے میں محروم ہوگیا کہ جس کی قسمت میں باری ازل نے جو کچھ لکھ دیا ہے اسے صرف وہی ملتا ہے۔چونکہ اولیت کا شرف باری تعالی نے جناب سہیل شفیق صاحب کے نصیب میں لکھا تھا لہذا انھیں مل گیا اور میں اس سے محروم ہوگیا لیکن غالباً باری ازل نے میری قسمت میں معارف کے ''ایک مکمل اشاریہ'' کو مرتب کرنا لکھا تھا جس کے نتیجہ میں یہ اشاریہ آپ کے ہاتھوں میں ہے اور مجھے امید ہے کہ میں قارئین کی توقعات پر پورا اتر سکوں گا۔

ان کے بعد میں دارالمصنفین کے موجودہ ناظم ڈاکٹر پروفیسر اشتیاق احمد ظلی کا شکر گذار ہوں کہ میری کوتاہیوں سے مکمل طور سے آگاہ ہونے کے باوجود نہ صرف مذکورہ پروجیکٹ کو جاری رہنے دیا بلکہ اس کی تکمیل کرنے کا حوصلہ بھی پیدا کرتے رہے اور بہت ہی مدھم،سلجھے اور دھیمے الفاظ میں اس کی ضرورت کا احساس بھی دلاتے رہے۔ان کا مزید احسان یوں بھی بڑھ جاتا ہے کہ میں اشاریہ کی تکمیل کے لیے گاہے بگاہے دارالمصنفین کے چکر لگاتا رہا،کبھی لمبے عرصہ کے لیے تو کبھی مختصر وقفہ کے لیے،لہذا وہ وہاں میرے قیام وغیرہ کا انتظام کردیا کرتے تھے اور میں نہایت سکون واطمینان سے اپنے کام میں مشغول رہتا۔انھوں نے میرے قیام کے دوران لائبریری کو میری ضرورت کے مطابق کھولنے کے احکام بھی صادر کردیے تھے لہذا میں دن رات کے کسی بھی حصہ میں اس سے استفادہ کرلیا کرتا تھا۔ان سہولیات کی وجہ سے مجھے کم وقت میں زیادہ کام کرنے کا موقعہ مل گیا۔اللہ رب العزت سے دعا کرتا ہوں کہ انھیں ان کے نیک مقاصد میں کامیابی سے ہمکنار کرے اور ان کے منصوبوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کا غیب سے انتظام کرے۔انھیں ان کے نیک اعمال کا بہترین صلہ دے اور انھیں صحت وعزت سے نوازے کہ وہ اپنے کاموں میں مکمل یکسوئی سے مصروف عمل رہیں اور دارالمصنفین کے عہد رفتہ کو ایک بار پھر سے زندہ کردیں۔

ان کے بعد جناب ماسٹر عبدالمنان ہلالی صاحب اور ڈاکٹر فخر الاسلام صاحب کا شکر گذار ہوں کہ ان حضرات نے یکے بعد دیگرے اشاریہ کی تکنیکی خامیوں کو دور کیا اور اسے اشاعت کے مراحل سے گذار کر آپ کے ہاتھوں تک پہنچانے کا انتظام کیا۔اللہ انھیں جزائے خیر سے نوازے۔

دار المصنفین کے تمام رفقاء اور کارکنان کا بھی میں احسان مند ہوں کہ انھوں نے میرے قیام کے دوران مجھے کسی پریشانی سے دوچار ہونے سے ہمیشہ بچایا۔ خاص طور سے میں جناب حافظ محمد عمیر الصدیق ندوی صاحب، جناب محمد الیاس الاعظمی صاحب، برادرم کلیم صفات اصلاحی، برادرم قمر عباسی، برادرم حافظ محمد شریف اور عزیزم محمد سلیم کا شکر گذار ہوں کہ انھوں نے کبھی بھی مجھے اجنبیت کا شکار نہیں ہونے دیا۔ مذکورہ بالا تمام حضرات میرے آرام و آسائش کا سامان مہیا کرتے رہے اور میں ان کی ضیافتوں سے اپنے کام و دہن کو بار بار روشناس کراتا رہا۔ اللہ ان تمام حضرات کو بہترین صلوں سے نوازے، انھیں ان کے مقاصد میں کامیابی عطا کرے۔

اس موقعہ پر میں اپنے بہترین اور بے تکلف دوست حافظ توقیر احمد کو کیسے نظر انداز کر سکتا ہوں کہ اس نے اپنے حسن سلوک کی وجہ سے مجھے اپنا بندہ بے دام بنالیا ہے۔ حالانکہ اس میں اس سے زیادہ اس کی رفیق سفر کا ہاتھ ہے تاہم مجھے تو اسی کے واسطہ سے قیام کے دوران تمام سہولیات ملتی رہیں۔ وہ میرے قیام کے دوران جس طرح میری ضروریات کا خیال رکھتا رہا اس سے کبھی کبھی میں دل ہی دل میں شرمندہ ہو جاتا تھا لیکن کیا کرتا صرف دل ہی دل میں دعائیں دے کر خاموش ہو جاتا تھا۔ اللہ تعالی اسے بلند مقام و مرتبہ اور عزت و شہرت سے نوازے، اسے اس کے نیک مقاصد میں کامیابیوں سے ہمکنار کرے اور اس پر کبھی بھی کسی غم و تکلیف کا سایہ بھی نہ پڑنے پائے۔

میں اپنے شعبہ کے اساتذہ کرام خصوصاً جناب پروفیسر کفیل احمد قاسمی صاحب صدر شعبۂ عربی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، جناب پروفیسر محمد صلاح الدین عمری صاحب، جناب پروفیسر مسعود انور علوی صاحب سابق صدور شعبۂ عربی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ کا بھی شکر گذار ہوں کہ ان تمام حضرات نے مجھے اپنی منصبی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ اس اشاریہ کی تکمیل کا موقعہ فراہم کیا۔ ان حضرات کے خاموش تعاون کے بغیر یہ اشاریہ مکمل نہیں ہو سکتا تھا۔ اللہ ان تمام اساتذہ کرام کو جزائے خیر سے نوازے، ان کی اعمار و اعمال میں خیر و برکت کرے کہ ہم جیسے لوگ ان حضرات سے تادیر استفادہ کرتے رہیں۔

میں اسے اپنی خوش نصیبی ہی قرار دوں گا کہ اس اشاریہ کو بعض ان حضرات نے حرفاً حرفاً دیکھا ہے اور اپنی اپنی آراء اور مشوروں سے نوازا ہے جن کا نام ہی کسی بھی کام کے بہتر اور معتبر ہونے کا ضامن ہے۔ ان حضرات میں استاد الاساتذہ جناب پروفیسر مختار الدین احمد آرزو صاحب علیہ الرحمہ، سابق صدر شعبۂ عربی علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، پروفیسر کبیر احمد جائسی صاحب سابق صدر شعبۂ اسلامک اسٹڈیز، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ اور سید سلیمان ندوی علیہ الرحمہ کے الفاظ میں ''حاتم یوپی جناب خان بہادر نواب سر محمد مزمل اللہ شروانی'' کے نیک نام صاحب زادے جناب نواب محمد رحمت اللہ خان شروانی صاحب، علی گڑھ، میدان اشاریہ سازی کے اسرار و رموز سے واقف جناب کبیر احمد خان صاحب، اسسٹنٹ لائبریرین ادارۂ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ شامل ہیں۔

ان حضرات کے علاوہ خدا بخش لائبریری کے سابق ڈائرکٹر جناب عابد رضا بیدار صاحب، المجمع العلمی العربی، دمشق کے رکن جناب مولانا ڈاکٹر محمد اجمل اصلاحی صاحب، جناب پروفیسر ظفر احمد صدیقی، شعبہ اردو، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، جناب ڈاکٹر ابوسفیان اصلاحی صاحب، شعبہ عربی، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، جناب مہر الٰہی ندیم صاحب، سابق اسسٹنٹ لائبریرین، مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ، مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ میں شعبہ مخطوطات کے ذمہ دار جناب عطا خورشید صاحب،

مشہور مصنف اور تحقیقات اسلامی کے نائب مدیر جناب مولانا محمد رضی الاسلام ندوی صاحب، جناب محمد الیاس الاعظمی صاحب، رفیق اعزازی دار المصنفین شبلی اکیڈمی، اعظم گڑھ، جناب اختر جمیل صاحب مرتب اشاریہ ''آج کل'' نئی دہلی جیسے افراد نے بھی اس اشاریہ پر ایک نظر ڈال کر اپنے مشوروں سے نوازا ہے۔

یہاں اس بات کی وضاحت بھی مناسب معلوم ہوتی ہے کہ مذکورہ بالا قابل ذکر شخصیات میں سے بعض کو میرے طریقۂ کار سے اختلاف تھا لیکن جب میں نے انھیں اپنے دلائل سے آگاہ کیا تو وہ بھی کسی حد رضامند ہو گئے۔ مذکورہ بالا تمام حضرات کے مشوروں کی روشنی میں، میں نے اشاریہ کو خوب سے خوب تر بنانے کی کوشش کی ہے۔ خدائے بزرگ و برتر ان تمام حضرات کو ان کی خدمات کا بہترین صلوں سے نوازے۔ ان کے اعمال کو قبول کرے اور جو اس کے حضور حاضر ہو چکے ہیں انھیں ان کے اعمال کی بہترین جزاء دے اور کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے اور جو باحیات ہیں انھیں صحت و عافیت سے نوازے اور ان کے کاموں میں برکت دے۔

میں ان اداروں کا اور ان کے ذمہ داران اور کارکنان کا بھی مشکور و ممنون ہوں جہاں کی لائبریریوں سے میں اشاریہ کی تکمیل کے دوران استفادہ کرتا رہا ہوں۔ اس ضمن میں دار المصنفین کے علاوہ سب سے زیادہ فائدہ میں نے ادارۂ علوم اسلامیہ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ کی لائبریری سے اٹھایا ہے بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ اس اشاریہ کا زیادہ تر حصہ اسی لائبریری کا مرہون منت ہے۔ میں مذکورہ ادارہ کے موجودہ سربراہ جناب پروفیسر سید احسن صاحب کا شکر گذار ہوں کہ انھوں مجھے حتی الامکان ادارہ کی لائبریری سے فائدہ اٹھانے کا موقعہ فراہم کیا۔

میں ادارہ کے سابق سربراہان جناب پروفیسر کبیر احمد جائسی صاحب، جناب پروفیسر محمد یٰسین مظہر صدیقی صاحب، جناب پروفیسر عبد العلی صاحب اور جناب پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی صاحب کا بھی بہت ہی ممنون و مشکور ہوں کہ ان تمام حضرات نے اپنے اپنے دور سربراہی میں مجھے ادارہ کی لائبریری سے بھرپور استفادہ کرنے کا موقعہ عنایت فرمایا۔

میں اس ادارہ کے اسٹنٹ لائبریرین جناب کبیر احمد خان صاحب، برادرم محمد انیس، مقیت الرحمٰن، محمد ناظر، انور الدین بلخی، نظر اسلام قریشی اور چاند میاں کا شکر گذار ہوں کہ انھوں نے اس اشاریہ کی تکمیل کے لیے حتی الامکان سہولیات فراہم کیں۔

مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ میں اسسٹنٹ لائبریرین جناب محمد محسن جعفری صاحب کا بھی شکر گذار ہوں کہ انھوں نے بھی کافی سہولیات بہم پہنچائی ہیں۔ اللہ انھیں جزائے خیر سے نوازے۔ اس وقت جناب محمد ضیاء الدین انصاری صاحب مرحوم سابق ڈپٹی لائبریرین مولانا آزاد لائبریری، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ بھی یاد آ رہے ہیں کہ ان کی زندگی اور زمانہ ملازمت میں ہی میں نے اس کام کا آغاز کیا تھا۔ وہ میرے منصوبہ سے بہت خوش تھے اور مجھے بہت ساری دعاؤں کے ساتھ ساتھ اسے جلد از جلد مکمل کرنے کی تلقین کی تھی۔ اللہ انھیں ان کے اعمال کا بہترین صلہ دے اور انھیں اپنے مقرب بندوں میں شامل کر لے۔

یونیورسٹی کے علاوہ میں نے نواب بہادر سر مزمل اللہ لائبریری، مزمل منزل علی گڑھ اور ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی کی لائبریری، ہادی نگر، علی گڑھ سے بھی خاصہ استفادہ کیا ہے۔ اللہ ان کے ذمہ داران محترم نواب محمد رحمت اللہ خان شروانی صاحب اور جناب محمد رضی الاسلام ندوی صاحب کو جزائے خیر سے نوازے کہ انھوں نے اس ضمن میں میری کافی مدد کی ہے اور مجھے مذکورہ لائبریریوں سے استفادہ کرنے کا بھرپور موقعہ

عنایت فرمایا تھا۔

میرے خصوصی شکریہ کے مستحق وہ حضرات بھی ہیں جنھوں نے اس اشاریہ کے گیسو سنوارے ہیں، اس کی زلفوں کے پیچ وخم کو دور کیا ہے میری مراد اس اشاریہ کو کمپوزنگ کے مختلف مراحل سے گذارنے والے وہ دوست واحباب ہیں جنھوں نے دن رات محنت کر کے اس اشاریہ کو مکمل کیا ہے۔ اس ضمن میں میں سب سے زیادہ برادرم محمد عثمان قاسمی کا شکر گذار ہوں کہ اس اشاریہ کا بنیادی ڈھانچہ انھوں نے ہی تیار کیا تھا۔ میں انھیں وقتاً فوقتاً اشاریہ کی ترتیب کو لے کر پریشان کرتا رہا لیکن انھوں نے ہمیشہ میرا استقبال ایک دل آویز مسکراہٹ سے کیا اور کبھی بھی مجھے یہ نہیں محسوس ہونے دیا کہ میں ان کے لیے ایک ''زخم'' بن کر رہ گیا ہوں۔ برادرم عثمان نے پوری کوشش کی کہ یہ اشاریہ ان کی موجودگی میں ہی چھپ جائے لیکن میری افتادِ طبع کے نتیجہ میں اس کی تکمیل کی حسرت لیے وہ ساؤتھ افریقہ چلے گئے اور آج بھی اس بات کے منتظر ہیں کہ اشاریہ منظر عام پر آجائے۔ میں ان کے حسن اخلاق اور خلوص کو سلام کرتا ہوں اور باری تعالی کے حضور دعا گو ہوں کہ وہ جہاں بھی رہیں علی گڑھ کی طرح ہی ہنستے اور مسکراتے رہیں۔

برادرم عثمان کے بعد اشاریہ کی تکمیل کی ذمہ داری عزیزم ڈاکٹر عبدالحفیظ نے سنبھالی اور حتی الامکان میرا ساتھ دیتے رہے لیکن میں ہی ان کا ساتھ نہیں دے سکا اور آخر کار وہ بھی مایوس ہو گئے تاہم انھوں نے اشاریہ کو اس منزل تک پہنچا دیا تھا کہ میں اس میں کچھ رد و بدل کر کے اس کو مکمل کر سکوں۔

عزیزم عبدالحفیظ کے بعد میں خود ہی اس کی ترتیب میں رد و بدل کرتا رہا لیکن اس کو تکنیکی لحاظ سے مکمل کرنے کا سہرا برادرم ڈاکٹر محمد عرفان قاسمی کے سر جاتا ہے کہ انھیں کی کوششوں کی وجہ سے اشاریہ آج آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ تعالی ان دونوں حضرات کو ان کے مقاصد جلیلہ میں کامیابی وکامرانی سے ہمکنار کرے۔

شکریہ کی فہرست طویل ہوتی جارہی ہے لیکن محسنین ہیں کہ ان کے نام ابھی بھی باقی ہیں۔ میں اپنے بہت سے محسنین کا نام لیے بغیر اشاریہ کی تکمیل میں ان کی خاموش کاوشوں اور کوششوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کے حق میں بارگاہ الٰہی میں دعا گو ہوں کہ وہ اپنے نیک مقاصد میں کامیاب ہوں اور ہمیشہ خوش وخرم رہیں۔

آخر میں میں اپنی رفیق سفر کا شکر گذار وممنون ہوں کہ اس اشاریہ کی تکمیل کا اصل سہرا اسی کے سر جاتا ہے کہ اگر اس نے مجھے بہت ساری ذمہ داریوں سے بے نیاز نہیں کیا ہوتا اور نہایت خاموشی سے اپنے فرائض انجام نہ دیا ہوتا تو شاید ابھی اس کی اشاعت میں مزید تاخیر ہو جاتی۔ اللہ اپنی اس صابر وشاکر بندی کو جزائے خیر اور صحت سے نوازے۔

۲۵ر نومبر ۲۰۱۱ء

جمشید احمد ندوی
شعبۂ عربی
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

اشاریہ سے استفادہ کا طریقۂ کار

- شخصیات کے اصل نام کے اعتبار سے فہرست مضامین مرتب کی گئی ہے۔ اس قاعدہ سے امام الحرمین، امیر خسرو، سرسید، شیخ الرئیس سے شروع ہونے والے مندرجات کو مستثنیٰ کر دیا گیا ہے کہ وہ سب ان شخصیات کے نام کا حصہ بن گئے ہیں۔
- جو مقالات ومضامین کسی کے لقب سے شروع ہوتے ہیں اور ان میں اس شخصیت کا نام بھی مذکور نہیں ہوتا ہے تو ان جیسے مقالات ومضامین کو شخصیت کے القاب کے تحت ہی بیان کیا گیا ہے جیسے مولانا اشرف علی تھانوی اور سید حسین بلگرامی کی شخصیت سے متعلق کچھ مقالات صرف ''حکیم الامت'' اور ''عماد الملک'' کے نام سے شائع ہوئے ہیں تو ان کا اندراج صرف حکیم الامت اور عماد الملک کے تحت کیا گیا ہے اور ان کے اصل نام کے آگے بطور حوالہ ان القاب کا ذکر کر دیا گیا ہے۔
- ''مزید دیکھئے'' کے تحت ایک موضوع سے متعلق مضامین کا ذکر کیا گیا ہے تاکہ قاری کو ایک موضوع سے متعلق تمام مضامین کا اندازہ ہو سکے۔
- ''مزید دیکھئے'' کا ذکر عام طور اس اندراج کے بعد کیا گیا ہے جہاں قاری آسانی کے ساتھ پہنچ سکتا ہے۔ مثلاً مولانا اشرف علی تھانوی کے اندراج کے بعد لکھا گیا ہے: مزید دیکھئے = حکیم الامت، سفیر غیب، مجدد ملت......، موت العالم......وغیرہ۔
- پہلے مفرد الفاظ کا ذکر کیا گیا ہے پھر مرکب الفاظ کا ستعال کیا گیا ہے جیسے پہلے ''اردو میں ترکی زبان'' جیسے مقالات کا ذکر کیا گیا ہے پھر ''اردو املا کی تاریخ'' جیسے مرکب مضامین کا اندراج کیا گیا ہے۔ اسی طرح علامہ ''شبلی'' سے شروع ہونے والے مضامین کا پہلے ذکر کیا گیا ہے پھر علامہ ''شبلی نعمانی'' سے شروع ہونے والے مقالات کا اندراج کیا گیا ہے۔
- مضامین کی ترتیب میں عنوان کے حروف ہجاء کی ترتیب کے بجائے ہر مکمل لفظ کے حروف تہجی کا اعتبار کیا گیا ہے جیسے ''سر کے بالوں کی شرعی حیثیت'' کا اندراج ''سراج اورنگ آبادی'' سے پہلے کیا گیا ہے کہ ''سر'' ایک مکمل لفظ ہے جو ترتیب میں ''سراج'' سے پہلے ہی آئے گا۔
- اشاریہ کی ترتیب میں معارف کی فہرست مضامین کا اعتبار کیا گیا ہے تاہم کبھی کبھی اندرونی صفحات پر پائے جانے والے عنوان کا اعتبار بھی کیا گیا ہے جیسے ''ریاضیات کا ماہر عمر خیام''۔ تاہم ایسے مضامین ومقالات بہت ہی کم ہیں جن کا اندراج اندرونی صفحات کے اعتبار سے کیا گیا ہے۔
- عام طور پر پہلی قسط کا اعتبار کیا گیا ہے تاہم کبھی کبھی دوسری قسط پر اعتبار کرتے ہوئے اسے شامل فہرست کیا گیا ہے۔

- جو مضامین قسط وار ہیں اگر ان کی پہلی اور دیگر اقساط کے عنوان میں فرق پایا جاتا ہے تو قوسین میں اس فرق کی وضاحت کر دی گئی ہے۔
- اشاریہ کی تیاری میں عناوین اوران کے صفحات کی تعیین فہرست معارف کے اعتبار سے کی گئی ہے لیکن اگر صفحات کی تعداد میں فہرست مضامین اور معارف کے اندرونی صفحات کے درمیان فرق پایا جاتا ہے تو صفحات کی اس تعداد کا اعتبار کیا گیا ہے جس کا ذکر معارف کے اندرونی صفحات میں کیا گیا ہے۔
- راقم نے مقالات کے عنوان میں جو اضافہ اپنی جانب سے کیا ہے اسے مربعین [ ] میں نقل کیا ہے۔ مربعین کا استعمال عام طور سے شعر/ استعارہ سے شروع ہونے والے مضامین و مقالات کی وضاحت، کتاب/ مخطوطہ کے تعارف پر مشتمل مضامین میں مصنف و نسخہ کا ذکر، سمینار/ کانفرنس وغیرہ کے مقام و تاریخ و موضوع کا ذکر اور شذرات میں مذکور وفیات اور مضامین پر لکھے جانے والے استدراک، کسی عنوان کے تحت شائع ہونے والی معارف کی ڈاک کی وضاحت کے لیے کیا گیا ہے۔
- معارف کے مضامین کی فہرست میں بہت سارے مضامین کے مضمون نگاران کا ذکر نہیں پایا جاتا ہے۔ اسی طرح بعض مندرجات کا ذکر فہرست معارف میں نہیں پایا جاتا ہے لیکن اندرونی صفحات میں ان کا ذکر ملتا ہے لہٰذا ان کا ذکر اندرونی صفحات کے اعتبار سے اور مضمون نگاران کا ذکر دیگر ماخذ جیسے معارف کے مضامین کی عمومی فہرست، یاد رفتگاں وغیرہ سے مربعین کے درمیان بڑھا دیا گیا ہے۔
- معارف کی ڈاک کے عنوان کے تحت کبھی مکتوب کی وضاحت ہوتی ہے تو بسا اوقات مکتوب کا ذکر نہ کرتے ہوئے صرف مکتوب نگار ذکر ملتا ہے تو ان جیسے مقامات پر مربعین میں مکتوب لکھ دیا گیا ہے اور ان کو سنہ وار مرتب نہ کرتے ہوئے مکتوب نگاران کے حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے اور ایک ہی مکتوب نگار کے کئی خطوط ہیں تو انھیں سنین کے اعتبار سے نقل کیا گیا ہے۔ یہی طریقہ کار ان مکاتیب میں بھی اختیار کیا گیا ہے جو ''مکتوب علی گڑھ'' یا اس جیسے دیگر عناوین کے نام سے شائع ہوئے ہیں۔
- اگر ایک ہی عنوان سے دو یا دو سے زائد افراد کے مضامین شائع ہوئے ہیں تو ہر مضمون کے عنوان کا اندراج مکمل طور پر کیا گیا ہے جیسے ''(قاضی) مبارک اوران کی شرح سلّم'' کا پورا اندراج دو مرتبہ کیا گیا ہے پہلا مضمون جناب محمد رضا انصاری صاحب کا اور دوسرا مضمون جناب غلام مرتضی صاحب کا ہے جس میں اول الذکر مضمون پر استدراک کیا گیا ہے۔
- بعض عناوین ایسے ہوتے ہیں جن کے تحت بہت سے افراد بحیثیت مضمون نگار شامل ہوتے ہیں تو انھیں بھی مضمون نگاران کے حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کیا گیا ہے اور ان میں سنہ اور معارف کے شمارہ/ جلد کا اعتبار نہیں کیا گیا ہے جیسے سابق مدیر معارف سید صباح الدین عبدالرحمٰن علیہ الرحمہ کی وفات پر مختلف اشخاص کے تعزیتی خطوط معارف کے مختلف شماروں میں شائع ہوئے ہیں تو انھیں حروف تہجی کے اعتبار سے یکجا کر دیا گیا ہے۔

☆

توضیح مخففات مقالہ نگاران

اب	=	ابوالبقاء ندوی
اج	=	ابوالجلال ندوی
اس	=	سید ابوسہیل علیگ
اص	=	سید ابوعاصم دسنوی
اظ	=	ابوظفر ندوی
اع	=	سید ابوعاصم دسنوی
ان	=	سید ابوعاصم دسنوی
او	=	محمد اویس نگرامی ندوی
ب ا	=	بشیر احمد صدیقی
ت ا	=	توقیر احمد ندوی
ج	=	ابوالجلال ندوی
ر	=	ریاست علی ندوی
س	=	سید سلیمان ندوی
س ع	=	سعید انصاری
ش د	=	شہاب الدین دسنوی
ص ع	=	سید صباح الدین عبدالرحمٰن
ض	=	ضیاء الدین اصلاحی
ع	=	عبدالسلام ندوی
ع ب	=	عبیداللہ کوٹی
ع پ	=	عبدالرحمٰن پرواز اصلاحی
ع ز	=	محمد عزیر
ع س	=	عبدالسلام ندوی

ع ص = محمد عمیر الصدیق ندوی
ع ع = محمد عارف عمری
ع ق = عبدالسلام قدوائی ندوی
ع م = عبدالمبین ندوی
ک ص اصلاحی = کلیم صفات اصلاحی
م = شاہ معین الدین ندوی
م ج = مجیب اللہ ندوی
م ع = محمد عزیر علیگ
م ن = محمد منصور نعمانی ندوی
م ن ن = محمد منصور نعمانی ندوی
ن = سید نجیب اشرف ندوی
ن ص = نیاز احمد صدیقی
ی = محمد یوسف کوکن

الف

مضمون	مضمون نگار	جلد و شمارہ	ماہ و سال	صفحات
آبِ ثقیل	ع ز	۱/۳۳	جنوری ۱۹۳۴	۵۰-۵۱
آب حیات [منظوم]	سید احمد حسین امجد حیدر آبادی	۳/۳۶	ستمبر ۱۹۳۵	۲۳۳
آب حیات = (خواجہ میر) درد اور آب حیات				
آتش کی ایک بہاری ادیب سے ملاقات [نجات حسین خان اشکی عظیم آبادی سے ملاقات]	سید حسن	۵/۸۳	مئی ۱۹۵۹	۳۸۱-۳۹۱
مزید دیکھئے = نذر آتش				
آٹھویں صدی ہجری میں اسلامی علوم و فنون کا ارتقاء (ایک اجمالی جائزہ)	محمد نعیم ندوی صدیقی	۱/۱۰۷	جنوری ۱۹۷۱	۵۰-۶۷
,,	,,	۲/۱۰۷	فروری ۱۹۷۱	۱۲۹-۱۴۹
,,	,,	۳/۱۰۷	مارچ ۱۹۷۱	۱۸۹-۲۱۱
,,	,,	۴/۱۰۷	اپریل ۱۹۷۱	۲۸۷-۳۰۸
,,	,,	۵/۱۰۷	مئی ۱۹۷۱	۳۶۸-۳۸۶
آٹھویں صدی میں وزن کی اہمیت	[اے ایچ ہولسیاڈ]/شہاب الدین دسنوی	۱/۴۰	جولائی ۱۹۳۷	۶۷-۶۸
آثار اسلامی	[میجون]	۶/۱۵	جون ۱۹۲۵	۴۶۳-۴۶۵
آثار دمشق	–	۱/۱۲	جولائی ۱۹۲۳	۵۵-۵۷
آثار قدیمہ	حافظ نذیر احمد	۶/۱۷	جون ۱۹۲۶	۴۵۷-۴۵۹
آثار قنوج	محمد سعید انصاری	۱/۱۱	جنوری ۱۹۲۳	۴۵-۴۹
آثار مصر	[پٹری]	۴/۹	اپریل ۱۹۲۲	۳۰۱-۳۰۲
آج کا پاکستان [از احمد سعید ملیح آبادی]	ضیاء الدین اصلاحی	۱/۱۱۶	جولائی ۱۹۷۵	۷۰-۷۷
آج کل [منظوم]	سید اختر علی تلہری	۱/۷۵	جنوری ۱۹۵۵	۷۴-۷۵
آچاریہ نریندر دیو جی = نریندر دیو جی				
آخری سلاطین مغلیہ کا علمی ذوق [بہادر شاہ، فرخ سیر، محمد شاہ، شاہ عالم]	سید صباح الدین عبد الرحمٰن	۱/۴۲	جولائی ۱۹۳۸	۲۵-۴۵
,, (بہادر شاہ ظفر کا علمی ذوق)	,,	۲/۴۲	اگست ۱۹۳۸	۱۱۴-۱۲۵
,, (بہادر شاہ ظفر)	,,	۳/۴۲	ستمبر ۱۹۳۸	۱۸۱-۱۹۵
,, (بہادر شاہ ظفر)	,,	۴/۴۲	اکتوبر ۱۹۳۸	۲۹۳-۳۰۶
,, (بہادر شاہ ظفر)	,,	۵/۴۲	نومبر ۱۹۳۸	۳۵۷-۳۷۱

مضمون	مضمون نگار	جلد و شمارہ	ماہ و سال	صفحات
مزید دیکھئے = اکبر کا علمی ذوق، تیموری شاہزادوں کا علمی ذوق، تیموری شاہزادیوں کا علمی ذوق، جہانگیر کا علمی ذوق، شاہجہاں کا علمی ذوق، عالمگیر کا علمی ذوق				
آداب الرسائل [از عبدالرحمٰن بن عیسیٰ الکاتب] کا تنقیدی مطالعہ	سید احتشام احمد ندوی	۲/۱۰۶	اگست ۱۹۷۰	۱۴۸-۱۴۴
آدم [منظوم]	وزیر حسن نشتر سندیلوی	۵/۶۸	نومبر ۱۹۵۱	۳۹۶
مزید دیکھئے = تخلیق آدم کے مراحل، قصہ آدم وحوا				
آذربائیجان	ک ص	۱/۱۵۲	جولائی ۱۹۹۳	۷۱-۶۲
(جناب) آرزو [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۵/۶۷	مئی ۱۹۵۱	۳۲۲
آرکاٹ کا گورغریباں	س	۵/۲۹	مئی ۱۹۳۲	۳۹۴-۳۹۳
(پروفیسر) آرنلڈ [شذرات]	سید سلیمان ندوی	۱/۲۶	جولائی ۱۹۳۰	۴-۲
مزید دیکھئے: آہ آرنلڈ				
(مولانا) آزاد کی انقلابی فکر کا تشکیلی دور	عبدالحق	۶/۱۸۲	دسمبر ۲۰۰۸	۴۵۸-۴۴۸
(مولانا) آزاد کی تفسیر قرآن کے امتیازات	ریاض الرحمٰن خان شروانی	۴/۱۴۷	اپریل ۱۹۹۱	۲۶۷-۲۴۵
مزید دیکھئے: ابوالکلام آزاد کے اندراجات				
آزاد اردو یونیورسٹی = مولانا آزاد اردو یونیورسٹی کے دو خطوط				
آزاد بلگرامی	عبدالرزاق قریشی	۱/۸۹	جنوری ۱۹۶۲	۷۶-۶۱
"	"	۲/۸۹	فروری ۱۹۶۲	۱۳۵-۱۲۱
"	"	۳/۸۹	مارچ ۱۹۶۲	۲۰۸-۱۹۴
آزاد بلگرامی (استدراک) [مکتوب]	غلام رسول مہر	۵/۸۹	مئی ۱۹۶۲	۳۹۶-۳۹۵
آزاد بلگرامی (تصحیح واستدراک)	عبدالرزاق قریشی	۴/۹۱	اپریل ۱۹۶۳	۲۷۱-۲۵۸
آزاد بلگرامی کی عربی خدمات	سید حسن عباس	۳/۱۶۲	ستمبر ۱۹۹۸	۲۲۱-۲۰۴
(مولانا) آزاد بلگرامی کی فارسی خدمات	"	۶/۱۵۸	دسمبر ۱۹۹۶	۴۵۶-۴۳۹
"	"	۱/۱۵۹	جنوری ۱۹۹۷	۵۵-۴۶
آزاد بلگرامی کے معروف تذکرہ "ید بیضاء" کی چوری کے بارے میں آزاد کا ایک بیان	"	۴/۱۶۰	اکتوبر ۱۹۹۷	۲۹۵-۲۹۰
مزید دیکھئے: خدا بخش لائبریری میں......خزانہ عامرہ، کیا آزاد بلگرامی تھے؟، مولانا آزاد لائبریری علی گڑھ میں......				

مضمون	مضمون نگار	جلد وشمارہ	ماہ وسال	صفحات
آزاد سبحانی [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۸۰/۲	اگست ۱۹۵۷	۸۳-۸۲
آزاد فرانسیسی = غالب کا فرنگی شاگرد				
آزاد لائبریری = مولانا آزاد لائبریری				
آزاد ہندوستان کے پہلے اقبال شناس: مولانا عبدالسلام ندوی	عبدالحق	۱۸۴/۱	جولائی ۲۰۰۹	۳۸-۳۰
آزادی کا اخلاقی مفہوم	معتضد ولی الرحمٰن	۳۹/۳	مارچ ۱۹۳۷	۲۰۴-۱۸۹
"	"	۳۹/۴	اپریل ۱۹۳۷	۲۷۵-۲۶۷
"	"	۳۹/۵	مئی ۱۹۳۷	۳۶۱-۳۵۲
"	"	۳۹/۶	جون ۱۹۳۷	۴۴۴-۴۳۴
آزادی روح	[پال رچرڈ/عبدالماجد دریابادی]	۶/۶	دسمبر ۱۹۲۰	۴۵۹-۴۵۳
آزر = قرآن مجید پر تاریخی اعتراضات				
آسٹریلیا میں اسلام	شہاب الدین دسنوی	۱۲۴/۱	جولائی ۱۹۷۹	۵۸-۵۱
آسٹریلیا میں اسلام اور مسلمان	م ن	۱۲۳/۵	مئی ۱۹۷۹	۳۹۲-۳۸۸
آسمان کیا ہے؟ بعض قرآنی حقائق تحقیقات جدیدہ کی روشنی میں	شہاب الدین ندوی	۱۶۷/۱	جنوری ۲۰۰۱	۲۳-۵
"	"	۱۶۷/۲	فروری ۲۰۰۱	۹۹-۸۵
(سر) آسوتوش مکرجی [شذرات]	سید سلیمان ندوی	۱۳/۶	جون ۱۹۲۴	۴۰۲
آسی [از سید یامین ہاشمی]	عبدالسلام ندوی	۱۷/۱	جنوری ۱۹۲۶	۷۷-۷۲
آشتی اور برہان پور کے آثار قدیمہ	[محمد عبدالصبور]	۷/۳	مارچ ۱۹۲۱	۲۱۷-۲۱۳
(نظام الملک) آصف جاہ اول کی وصیتیں	ابوالحسنات ندوی	۴/۶	دسمبر ۱۹۱۹	۴۶۲-۴۵۴
(نظام الملک) آصف جاہ نواب میر عثمان علی خان [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۹۹/۳	مارچ ۱۹۶۷	۱۶۳-۱۶۲
مزید دیکھئے = قصیدۂ تہنیت جشن سیمیں، مآثر نظامی				
(نواب امیر الملک) آصف الدولہ صلابت جنگ کے بعض عنایت نامے [بنام راجہ مہندر پرتاب سنگھ، تنجاور]	محمد غوث	۳۲/۱	جولائی ۱۹۳۳	۵۴-۴۹
آصف علی اصغر علی فیضی مرحوم	شہاب الدین دسنوی	۱۲۹/۲	فروری ۱۹۸۲	۱۵۹-۱۵۶
آصف علی مرحوم [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۷۱/۴	اپریل ۱۹۵۳	۲۴۲
(سر) آغا خان [شذرات]	"	۸۰/۲	اگست ۱۹۵۷	۸۲

مضمون	مضمون نگار	جلد و شمارہ	ماہ و سال	صفحات
آغاز کارِ عشق میں انجام کار تھا [منظوم]	محمد مومن خان مؤمن	۱/۸	فروری ۱۹۱۷	۵۶-۵۷
(حضرت شاہ) آفاق احمد ردولوی	سید صباح الدین عبد الرحمٰن	۱۲۶/۳	ستمبر ۱۹۸۰	۲۱۵-۲۱۹
آفتاب [مجلہ، مرتبہ خورشید الاسلام، علی گڑھ]	م	۵۰/۶	دسمبر ۱۹۴۲	۴۷۰-۴۷۴
(صاحبزادہ) آفتاب احمد خان [شذرات]	سید سلیمان ندوی	۲۵/۲	فروری ۱۹۳۰	۸۲-۸۳
آفتاب کے داغ	ج	۱۸/۵	نومبر ۱۹۲۶	۳۸۵-۳۸۶
آکسفورڈ لغت = انگریزی کی ضخیم و مستند ترین لغت				
آگرہ کی خاتون شاعرات	سید اختیار جعفری	۱۷۵/۱	جنوری ۲۰۰۵	۶۵-۶۹
آگرہ کے قدیم صاحب طریقت علماء	"	۱۷۹/۱	جنوری ۲۰۰۷	۴۴-۵۰
(پروفیسر) آل احمد سرور	ضیاء الدین اصلاحی	۱۶۹/۴	اپریل ۲۰۰۲	۳۰۶-۳۱۷
آل انڈیا اسلامک ہسٹری کانفرنس کے اجلاس پشاور کی روداد [منعقدہ ۷-۹/ اپریل ۱۹۴۴ء]	سید عبد اللہ	۵۳/۵	مئی ۱۹۴۴	۳۷۳-۳۸۱
آل انڈیا اورینٹل کانفرنس کا اجلاس ہفتم [منعقدہ ۲۷-۲۹/ دسمبر ۱۹۳۳ء، بڑودہ]	قاضی احمد میاں اختر جونا گڈھی	۳۳/۲	فروری ۱۹۳۴	۱۳۳-۱۳۵
آل انڈیا اورینٹل کانفرنس کا ۲۳واں اجلاس [منعقدہ ۲۷-۲۹/ اکتوبر ۱۹۶۶ء، علی گڑھ]	سید صباح الدین عبد الرحمٰن	۹۸/۶	دسمبر ۱۹۶۶	۴۴۹-۴۶۷
آل انڈیا اورینٹل کانفرنس منعقدہ لکھنؤ [۳-۵/ اکتوبر ۱۹۵۱ء لکھنؤ یونیورسٹی]	م	۶۸/۵	نومبر ۱۹۵۱	۳۸۵-۳۸۸
آل بویہ کی ابتدائی تاریخ کے مآخذ	سعید حسن	۲۳/۴	اپریل ۱۹۲۹	۲۷۹-۲۸۵
آلِ سلجوق [مقدمہ تاریخ سلاجقہ از مضمون نگار]	ابوالاعلیٰ مودودی	۲۹/۲	فروری ۱۹۳۲	۱۰۳-۱۱۸
"	"	۲۹/۳	مارچ ۱۹۳۲	۲۱۳-۲۱۹
آل فضل = موجودہ فرمانروایان عرب				
آل مسیب العقیلیہ = مملکت آل مسیب العقیلیہ				
آلِ مقسم قیقانی سندھی (امام ابن علکیہ اور دیگر علماء و محدثین)	قاضی اطہر مبارکپوری	۱۱۹/۲	فروری ۱۹۷۷	۱۲۵-۱۳۵
"	"	۱۱۹/۳	مارچ ۱۹۷۷	۱۸۹-۲۰۳
"	"	۱۱۹/۴	اپریل ۱۹۷۷	۲۶۹-۲۷۸
آلۂ پارچہ بافی کا انگریز موجد [سیموئل کرومپٹن SAMUEL CROMPTON]	ر	۲۰/۲	اگست ۱۹۲۷	۱۳۷-۱۴۱

مضمون	مضمون نگار	جلد وشمارہ	ماہ وسال	صفحات
آئینۂ حساب نما	–	۴/۱۲	اکتوبر ۱۹۲۳	۲۹۶-۲۹۴
آمیزن = ایک زنانہ ملک				
آنحضرت ﷺ اور علم غیب	س	۲/۵۴	اگست ۱۹۴۴	۱۴۱-۱۳۹
آنحضرت ﷺ کا خط قیصر روم کے نام	محمد حمید اللہ	۶/۳۵	جون ۱۹۳۵	۴۳۰-۴۱۶
آنحضرت ﷺ کے شعرائے کرام	ر	۲/۵۲	اگست ۱۹۴۳	۱۴۹-۱۴۷
آنحضور ﷺ کی ایک اہم دستاویز کی علمی تحقیق [حضرت سلمان فارسیؓ اور ان کے ورثہ سے متعلق دستاویز]	محمد عبدالمعید خان/خواجہ عبدالمعز خان	۵/۵۱	مئی ۱۹۴۳	۳۷۹-۳۶۲
آنحضور ﷺ کی سیرت طیبہ پر یورپین تصانیف	محمد حمادہ/محمود الحسن عارف	۳/۱۸۶	ستمبر ۲۰۱۰	۱۹۶-۱۷۵
"	"	۳/۱۸۷	مارچ ۲۰۱۱	۱۷۶-۱۶۵
آنسٹائن = اینسٹین کا......، جنگ کی مخالفت میں آنسٹائن......				
(پنڈت) آنند نارائن ملا	ضیاء الدین اصلاحی	۱/۱۶۰	جولائی ۱۹۹۷	۷۵
آنند نارائن ملا کی مجاہدانہ اردو خدمات	عبدالرشید ظہیری	۳/۱۶۰	ستمبر ۱۹۹۷	۲۲۴-۲۲۰
آواز کا لمس [از قمر سنبھلی]	عبداللہ عباس ندوی	۵/۱۶۴	نومبر ۱۹۹۹	۳۹۷×۳۹۶
آہ آرنلڈ	شیخ عنایت اللہ	۴/۲۷	اپریل ۱۹۳۱	۲۶۵-۲۵۴
آہ (حضرت مولانا شاہ) ابرار الحق حقی	محمد عمیر الصدیق ندوی	۶/۱۷۵	جون ۲۰۰۵	۴۷۷-۴۷۵
آہ ابوالحسنات ندوی [شذرات]	سید سلیمان ندوی	۵/۱۴	نومبر ۱۹۲۴	۳۲۳-۳۲۲
آہ (مولانا) ابوسلمہ [محمد شفیع]	مسعود حسن	۳/۱۳۷	مارچ ۱۹۸۶	۲۳۲-۲۲۷
آہ (مولانا) ابوالکلام آزاد [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۳/۸۱	مارچ ۱۹۵۸	۲/۱۶۴-۱۶۲
آہ (مولانا) ابواللیث [شذرات]	ضیاء الدین اصلاحی	۶/۱۴۶	دسمبر ۱۹۹۰	۴۰۴-۴۰۲
آہ (مولانا) ابومحفوظ الکریم معصومی مرحوم	ع ص	۱/۱۸۴	جولائی ۲۰۰۹	۷۴-۷۲
آہ اثر [منظوم]	اثر رامپوری	۳/۲۲	ستمبر ۱۹۲۸	۲۳۰
آہ (پروفیسر) اختر اورینوی	ص ع	۶/۱۱۹	جون ۱۹۷۷	۴۷۲-۴۶۹
آہ استاذی سید سلیمان ندوی [منظوم]	سید مظفر الدین ندوی	۵/۷۳	مئی ۱۹۵۴	۳۹۶-۳۹۵
آہ اکبر [الہ آبادی، شذرات]	[سید سلیمان ندوی]	۳/۸	ستمبر ۱۹۲۱	۱۶۳-۱۶۲
آہ (جناب) امیر احمد صدیقی	ض	۵/۱۷۵	مئی ۲۰۰۵	۳۹۵-۳۹۴

مضمون	مضمون نگار	جلد و شمارہ	ماہ و سال	صفحات
آہ بدر کامل غروب ہوگیا (مولانا) بدرالدین اصلاحی	"	۱/۱۵۸	جولائی ۱۹۹۶	۷۱-۷۷
آہ پاسبان حرم ملک فہد	"	۳/۱۷۶	ستمبر ۲۰۰۵	۲۲۵-۲۲۹
آہ (حضرت) جگر مرادآبادی [منظوم]	یحییٰ اعظمی	۴/۸۶	اکتوبر ۱۹۶۰	۳۱۵
آہ جواہر لال [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۶/۹۳	جون ۱۹۶۴	۴۰۲-۴۰۴
"	"	۱/۹۴	جولائی ۱۹۶۴	۲-۴
آہ جواہر لال [منظوم]	یحییٰ اعظمی	۶/۹۳	جون ۱۹۶۴	۴۷۵-۴۷۶
آہ (مولانا) حبیب ریحان خان ندوی مرحوم	ع ص	۳/۱۸۴	ستمبر ۲۰۰۹	۲۳۶-۲۳۸
آہ حکیم الامۃ [مولانا اشرف علی تھانوی، منظوم]	فکر ندوی	۲/۵۳	فروری ۱۹۴۴	۱۵۲-۱۵۳
آہ (جناب) خالد مسعود	ض	۶/۱۷۲	دسمبر ۲۰۰۳	۴۶۸-۴۷۱
آہ (مسٹر) راجیو گاندھی [شذرات]	ضیاءالدین اصلاحی	۶/۱۴۷	جون ۱۹۹۱	۴۰۲-۴۰۴
آہ داعی امن [گاندھی، منظوم]	یحییٰ اعظمی	۲/۶۱	فروری ۱۹۴۸	۱۵۱-۱۵۳
آہ ذاکر صاحب [صدر جمہوریہ ہند، شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۵/۱۰۳	مئی ۱۹۶۹	۳۲۲-۳۲۴
آہ (مسٹر) راجیو گاندھی [شذرات]	ضیاءالدین اصلاحی	۶/۱۴۷	جون ۱۹۹۱	۴۰۲-۴۰۴
آہ رسا [منظوم]	حفیظ ہوشیارپوری	۴/۳۲	اکتوبر ۱۹۳۳	۳۱۶-۳۱۷
آہ رشید احمد صدیقی [شذرات]	سید صباح الدین عبدالرحمٰن	۲/۱۱۹	فروری ۱۹۷۷	۸۲-۲/۸۴
آہ (ڈاکٹر) رفیق زکریا	ض	۳/۱۷۶	ستمبر ۲۰۰۵	۲۳۰-۲۳۴
آہ روش صدیقی [منظوم]	یحییٰ اعظمی	۲/۱۰۷	فروری ۱۹۷۱	۱۵۷
آہ (مولانا) ریاست علی ندوی	سید صباح الدین عبدالرحمٰن	۶/۱۱۸	دسمبر ۱۹۷۶	۴۷۰-۴۷۵
آہ (جناب چودھری) سبط محمد نقوی	ض	۴/۱۷۵	اپریل ۲۰۰۵	۳۱۱-۳۱۳
آہ سکندر علی وجد	عبدالرحمٰن پرواز اصلاحی	۱/۱۳۲	جولائی ۱۹۸۳	۶۸-۷۱
مزید دیکھئے = بیاض مریم				
آہ (علامہ سید) سلیمان ندوی [منظوم]	ثاقب کانپوری	۴/۷۳	اپریل ۱۹۵۴	۳۱۴-۳۱۵
آہ (سید) سلیمان ندوی [منظوم]	فانی مرادآبادی	۵/۷۵	مئی ۱۹۵۵	۴۰۴-۴۰۵
آہ سوزان [منظوم، مرثیہ محمد علی جوہر]	سید نواب علی	۴/۲۷	اپریل ۱۹۳۱	۳۰۷-۳۱۰
آہ (حضرت) سہیل [منظوم]	یحییٰ اعظمی	۶/۷۶	دسمبر ۱۹۵۵	۴۷۳-۴۷۴

مضمون	مضمون نگار	جلد و شمارہ	ماہ و سال	صفحات
آہ سید صاحب [سید سلیمان ندوی، شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۶/۷۲	دسمبر ۱۹۵۳	۳/۴۰۴-۴۰۲
آہ سید صاحب [سید سلیمان ندوی]	سید صباح الدین عبدالرحمٰن	۱/۷۳	جنوری ۱۹۵۴	۲۸-۵
آہ شاہ صاحب [شاہ معین الدین احمد، شذرات]	”	۱/۱۱۵	جنوری ۱۹۷۵	۱۰/۴-۲
آہ شوکت سلطان	”	۱/۱۳۷	جنوری ۱۹۸۶	۷۷-۷۲
آہ (مولانا) شوکت علی [منظوم]	یحییٰ اعظمی	۱/۴۳	جنوری ۱۹۳۹	۷۱-۶۹
آہ (مولانا) شروانی [حبیب الرحمٰن خان شروانی]	سید سلیمان ندوی	۶/۶۶	دسمبر ۱۹۵۰	۸/۴۰۴-۴۰۳
آہ (سید) شہاب الدین دسنوی [شذرات]	ضیاء الدین اصلاحی	۵/۱۶۱	مئی ۱۹۹۸	۴/۳۲۴-۳۲۲
آہ صاحب شعر الہند مولانا عبدالسلام ندوی [منظوم]	یحییٰ اعظمی	۵/۷۸	نومبر ۱۹۵۶	۳۹۴-۳۹۳
آہ (سید) صباح الدین [منظوم]	اثر انصاری	۱/۱۴۱	جنوری ۱۹۸۸	۷۴-۷۳
آہ (سید) صباح الدین عبدالرحمٰن [شذرات]	ضیاء الدین اصلاحی	۶/۱۴۰	دسمبر ۱۹۸۷	۴۰۸-۴۰۲
آہ (سید) صباح الدین عبدالرحمٰن [منظوم]	وارث ریاضی	۶/۱۴۴	دسمبر ۱۹۸۹	۴۷۵
آہ صدر وطن [ذاکر حسین، منظوم]	یحییٰ اعظمی	۶/۱۰۳	جون ۱۹۶۹	۴۷۷-۴۷۶
آہ (پروفیسر) ضیاء الحسن فاروقی	ضیاء الدین اصلاحی	۳/۱۵۸	ستمبر ۱۹۹۶	۲۳۴-۲۲۸
آہ (جنرل) ضیاء الحق [شذرات]	”	۳/۱۴۲	ستمبر ۱۹۸۸	۱۶۴-۱۶۲
آہ (مولانا) ضیاء الدین اصلاحی [منظوم]	ابرار اعظمی	۱/۱۸۲	جولائی ۲۰۰۸	۷۴
آہ (مولانا) ضیاء الدین اصلاحی [شذرات]	محمد عمیر الصدیق ندوی	۳/۱۸۱	مارچ ۲۰۰۸	۴/۱۶۴-۱۶۲
آہ (مولانا) ضیاء الدین اصلاحی	فاخر جلال پوری	۴/۱۸۱	اپریل ۲۰۰۸	۲۹۲-۲۸۹
آہ (ڈاکٹر) ظفر الہدیٰ	سید صباح الدین عبدالرحمٰن	۴/۱۲۱	اپریل ۱۹۷۸	۳۰۷-۳۰۶
آہ (مولانا) عبدالباری [فرنگی محلی]	[سید سلیمان ندوی]	۱/۱۷	جنوری ۱۹۲۶	-
آہ (ڈاکٹر) عبدالرب عرفان	ض	۶/۱۶۷	جون ۲۰۰۱	۴۶۷
آہ (مولانا) عبدالرحمٰن پرواز اصلاحی	ضیاء الدین اصلاحی	۶/۱۳۴	دسمبر ۱۹۸۴	۴۶۵-۴۵۵
آہ عبدالسلام قدوائی ندوی [شذرات]	سید صباح الدین عبدالرحمٰن	۳/۱۲۴	ستمبر ۱۹۷۹	۱۶۸-۱۶۲
آہ عبدالسلام ندوی [شذرات]	شاہ معین الدین احمد ندوی	۴/۷۸	اکتوبر ۱۹۵۶	۲۴۴-۲۴۲
آہ (جناب حکیم) عبدالقوی دریابادی	محمد عمیر الصدیق ندوی	۶/۱۵۰	دسمبر ۱۹۹۲	۴۷۳-۴۶۷
آہ عبداللہ عباس ندوی مرحوم	ع ص	۲/۱۷۷	فروری ۲۰۰۶	۱۵۶-۱۵۳

مضمون	مضمون نگار	جلد وشمارہ	ماہ وسال	صفحات
آہ (مولانا) عبدالماجد دریابادی [شذرات]	سید صباح الدین عبدالرحمٰن	۱/۱۱۹	جنوری ۱۹۷۷	۲-۲/۴
آہ (مولانا) عبدالمجید ندوی	ض	۶/۱۴۷	جون ۱۹۹۱	۴۷۰-۴۷۱
